یونٹ

# 7

# p بلاک عناصر (The p-Block Elements)

کیمسٹری میں تنوع p بلاک عناصر کی s-، d اور f- بلاک عناصر نیز خود اپنے بلاک کے عناصر کے ساتھ تعامل کرنے کی صلاحیت کا ثبوت ہے۔

## مقاصد

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- گروپ 15، 16، 17 اور 18 کے عناصر کی کیمیا میں عمومی رجحانات کا بیان کرسکیں۔
- ڈائی نائٹروجن اور فاسفورس کی تیاری، خصوصیات اور استعمال کے ساتھ ساتھ ان کے کچھ اہم مرکبات کے بارے میں بھی سیکھ سکیں۔
- ڈائی آکسیجن اور اوزون کی تیاری خصوصیات اور کچھ عام آکسائڈوں کی کیمسٹری کا بیان کرسکیں۔
- سلفر کے بہروپ اس کے اہم مرکبات کی کیمسٹری نیز اس کے آکسوایسڈوں کی ساخت کے بارے میں جان سکیں۔
- کلورین اور کلورک ہائڈرو، ایسڈ کی تیاری خصوصیات اور استعمال کا بیان کرسکیں۔
- انٹرہیلوجن کی کیمیا اور ہیلوجن کے آکسی ایسڈوں کی ساخت کے بارے میں جان سکیں۔
- نوبل گیسوں کے استعمال کو شمار کرسکیں۔
- ہماری روز مرہ کی زندگی میں ان عناصر اور ان کے مرکبات کی اہمیت کا بیان کرسکیں۔

گیارہویں جماعت میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ p بلاک عناصر کو دوری جدول کے 13 تا 18 گروپ میں رکھا گیا ہے۔ ان کا ویلنس شیل الیکٹرانی تشکل $ns^2np^{1-6}$ ہے (He کو چھوڑ کر جس کا الیکٹرانی تشکل $1s^2$ ہے )۔ p بلاک عناصر کی خصوصیات دیگر عناصر کی طرح ایٹمی سائز، آیونائزیشن اینتھالپی، الیکٹران گین اینتھالپی اور برقی منفیت (Electronegativity) سے بہت زیادہ متاثر ہوتی ہیں۔ دوسرے پیریڈ میں d الیکٹرانوں کی عدم موجودگی اور بھاری عناصر (تیسرے پیریڈ سے شروع ہو کر آگے تک d اور / f اربٹل کی موجودگی عناصر کی خصوصیات پر بامعنی اثر ڈالتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ دھات، دھات نما اور غیر دھات تینوں قسم کے سبھی عناصر کی موجودگی ان عناصر کی کیمسٹری میں تنوع کا سبب ہے۔

گیارہویں جماعت میں دوری جدول کے p بلاک کے گروپ 13 اور 14 کے عناصر کی کیمسٹری کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ اس اکائی میں اس کے بعد کے گروپوں کے عناصر کی کیمسٹری کا مطالعہ کریں گے۔

## 7.1 گروپ 15 کے عناصر (Group 15 Elements)

گروپ 15 میں نائٹروجن، فاسفورس، آرسینک، اینٹی منی بسمتھ اور موسکوویم کو شامل کیا گیا ہے جیسے جیسے ہم گروپ میں نیچے جاتے ہیں غیر دھاتی خصوصیات، دھات نما (Metalloid) خصوصیات سے ہوتے ہوئے دھاتی خصوصیات کی طرف شفٹ ہوجاتی ہیں نائٹروجن اور فاسفورس غیر دھاتیں ہیں، آرسینک اور اینٹی فی دھات نما ہیں جبکہ بسمتھ اور موسکوویم ایک دھات ہے۔

© NCERT not to be republished

## 7.1.1 وقوع (Occurrence)

کرہ بادہ کا %78 حجم سالماتی نائٹروجن پر مشتمل ہے۔قشر ارض میں یہ سوڈیم نائٹریٹ $NaNO_3$ ( جسے چلی سالٹ پیٹر کہتے ہیں ) اور پوٹاشیم نائٹریٹ (انڈین سالٹ پیٹر) کی شکل میں پایا جاتا ہے۔ یہ پودوں اور جانوروں میں پروٹین کی شکل میں پایا جاتا ہے۔ فاسفورس اپیٹائٹ فیملی $Ca_9 (PO_4)_6.CaX_2$ (X = F, CI, یا OH) کی معدنیات میں پایا جاتا ہے۔(مثلاً فلواپیٹائٹ $Ca_9 (PO_4)_6. CaF_2$ ) جو کہ فاسفیٹ چٹانوں کے اہم اجزا ہیں۔فلسفورس حیوانی اور نباتاتی مادہ کا لازمی جزو ہے۔ یہ ہڈیوں اور جاندار خلیوں میں موجود ہوتا ہے۔ فاسفوپروٹین دودھ اور انڈوں میں پایا جاتا ہے۔آرسینک اینٹی منی اور بسمتھ خاص طور سے سلفائڈ معدنیات کی شکل میں پائے جاتے ہیں۔ موسکوویم ایک مصنوعی تابکار عنصر ہے۔

موسکوویم کی علامت Mc ہے۔اس کا ایٹمی عدد 115 ۔ایٹمی کمیت 289 اورالیکٹرانی تشکل $[Rn]sf^{14}$،$6a^{10}$،$55^2$،$7P^3$ ہے ۔اس کی نصف زندگی بہت کم ہوتی ہے اور حصول بہت کم مقدار میں ہوتا ہے۔اس

**جدول 7.1 گروپ 15 کے عناصر کی ایٹمی اور طبیعی خصوصیات**

| خصوصیت | N | P | As | Sb | Bi |
|---|---|---|---|---|---|
| ایٹمی عدد | 7 | 15 | 33 | 51 | 83 |
| ایٹمی کمیت/گرام فی مول | 14.01 | 30.97 | 74.92 | 121.75 | 208.98 |
| الیکٹرانی تشکل | $[He]2s^2 2p^3$ | $[Ne]3s^2 3p^3$ | $[Ar]3d^{10}4s^2 4p^3$ | $[Kr]4d^{10}5s^2 5p^3$ | $[Xe]4f^{14}5d^{10}6s^2 6p^3$ |
| آیونائزیشن اینتھالپی I | 1402 | 1012 | 947 | 834 | 703 |
| II $(\Delta_i H/(kJ\ mol^{-1}))$ | 2856 | 1903 | 1798 | 1595 | 1610 |
| III | 4577 | 2910 | 2736 | 2443 | 2466 |
| برقی منفیت | 3.0 | 2.1 | 2.0 | 1.9 | 1.9 |
| شریک گرفت نصف قطر $pm^a$ | 70 | 110 | 121 | 141 | 148 |
| آینی نصف قطر/ pm | $171^b$ | $212^b$ | $222^b$ | $76^c$ | $103^c$ |
| نقطہ گداخت/ K | 63* | $317^d$ | $1089^e$ | 904 | 544 |
| نقطہ جوش/ K | 77.2* | $554^d$ | $888^f$ | 1860 | 1837 |
| کثافت/ $[g\ cm^{-3}(298\ K)]$ | $0.879^g$ | 1.823 | $5.778^h$ | 6.697 | 9.808 |

$^a$ $E^{III}$ واحد بانڈ (عنصر=E)؛ $^b$ $E^{3-}$؛ $^c$ $E^{3+}$؛ $^d$ سفید فاسفورس؛ $^e$ 38.6 atm پر سلیٹی شکل α؛ $^f$ تصعیدی درجۂ حرارت؛ $^g$ 63K پر؛ $^h$ سلیٹی شکل؛ *سالماتی $N_2$

کی کیمسٹری کو قائم کرنا باقی ہے۔ اس گروپ کے عناصر موسکوویم کے علاوہ کی اہم ایٹمی اور طبیعی خصوصیات ان کے الیکٹرانی تشکل کے ساتھ جدول 7.1 میں دی گئی ہیں۔

## 7.1.2 الیکٹرانی تشکل (Electronic Configuration)

گروپ کی ایٹمی، طبیعی اور کیمیائی خصوصیات کے رجحانات سے مندرجہ ذیل بحث کی گئی ہے۔
ان عناصر کا ویلنس شیکل الیکٹرانی تشکل $ns^2np^3$ ہے۔ان عناصر میں s اربٹل مکمل بھرا ہوا ہے اور p اربٹل نصف بھرے ہوئے ہیں جو ان کے الیکٹرانی شیل کو مزید استحکام عطا کرتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

## 7.1.3 ایٹمی اور آینی نصف قطر (Atomic and Ionic Radii)

شریک گرفت اور آینی (ایک مخصوص حالت میں) نصف قطر میں اضافہ ہوتا ہے۔ گروپ میں نیچے جانے پر N سے اور P تک شریک گرفت نصف قطر میں قابل لحاظ اضافہ دیکھا جاسکتا ہے۔ تاہم As سے Bi تک شریک گرفت نصف قطر میں معمولی اضافہ دیکھا جاسکتا ہے۔ ایسا بھاری عناصر میں مکمل بھرے ہوئے $d$ اور/ یا $f$ ا ربٹل کی موجودگی کی وجہ سے ہوتا ہے۔

## 7.1.4 آیونائزیشن اینتھالپی (Ionisation Enthalpy)

گروپ میں نیچے جانے پر ایٹمی سائز میں بتدریج اضافہ کی وجہ سے آیونائزیشن اینتھالپی میں کمی آتی ہے۔ زائد مستحکم نصف بھرے ہوئے $p$ اربٹل الیکٹرانی تشکل اور کم سائز کی وجہ سے گروپ IS کے عناصر کی آیونائزیشن اینتھالپی نظیری پیریڈ میں گروپ 14 کے عناصر کے مقابلے بہت زیادہ ہے۔ آیونائزیشن اینتھالپی کی بڑھتی ہوئی ترتیب اس طرح ہے۔ $\Delta_iH_1 < \Delta_iH_2 < \Delta_iH_3$ (جدول 7.1)

## 7.1.5 برقی منفیت (Electronegativity)

عام طور سے گروپ میں نیچے جانے پر ایٹمی سائز میں اضافے کے ساتھ برقی منفیت گھٹتی ہے۔ تاہم بھاری عناصر میں یہ کمی بہت زیادہ نہیں ہے۔

## 7.1.6 طبیعی خصوصیات (Physical Properties)

اس گروپ کے سبھی عناصر کثیر ایٹمی ہیں۔ ڈائی نائٹروجن دو ایٹمی گیس ہے جبکہ باقی سبھی ٹھوس ہیں۔ گروپ میں نیچے کی طرف جانے پر دھاتی خصوصیت کم ہوتی چلی جاتی ہے۔ نائٹروجن اور فاسفورس غیر دھاتی ہیں۔ آرسینک اور اینٹی منی دھات نما (Metalloids) ہیں اور بسمتھ دھات ہے۔ ایسا آیونائزیشن اینتھالپی میں کمی اور ایٹمی سائز میں اضافہ کی وجہ سے ہے۔ گروپ میں نیچے جانے پر نقطہ جوش میں عام طور سے اضافہ ہوتا ہے لیکن نقطہ گداخت میں ارسینک تک تو اضافہ ہوتا ہے اور پھر بسمتھ تک اس میں کمی آتی جاتی ہے۔ نائٹروجن کے علاوہ سبھی عناصر بہروپیت ظاہر کرتے ہیں۔

## 7.1.7 کیمیائی خصوصیات (Chemical Properties)

### تکسیدی حالتیں اور کیمیائی تعاملیت میں رجحانات

ان عناصر کی عام تکسیدی حالتیں 3+، 3– اور 5+ ہیں۔ گروپ میں نیچے جانے پر 3– تکسیدی حالت کو ظاہر کرنے کا رجحان کم ہوتا جاتا ہے کیونکہ سائز اور دھاتی خصوصیت میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ درحقیقت گروپ کا آخری رکن بسمتھ 3– تکسیدی حالت میں بہ مشکل ہی کوئی مرکب بناتا ہے۔ Bi (V) کا صرف ایک مرکب $BiF_5$ ہے۔ گروپ میں نیچے جانے پر 5+ تکسیدی حالت کے استحکام میں کمی اور 3+ تکسیدی حالت کے استحکام میں اضافہ (جامد جحتہ اثر کی وجہ سے) ہوتا ہے۔ 5+ تکسیدی حالت کے علاوہ نائٹروجن جب آکسیجن سے تعامل کرتی ہے تو یہ 1+، 2+، 4+ تکسیدی حالتوں کو بھی ظاہر کرتی ہے۔ اگرچہ یہ ہیلوجن کے ساتھ 5+ تکسیدی حالت میں مرکبات نہیں بناتی کیوں کہ اس کے پاس d آربٹل نہیں ہوتے جس میں وہ دوسرے عناصر کے الیکٹرانوں کو رکھ کر گرفت بنا سکے۔ فاسفورس بھی کچھ آکسوایسڈوں میں 1+ اور 4+ تکسیدی حالتوں کو ظاہر کرتا ہے۔

نائٹروجن کے معاملے میں 1+ سے 4+ تک سبھی تکسیدی حالتیں القلمی تیزابی محلول میں غیر متناسب کا رجحان ظاہر کرتی ہیں مثال کے طور پر

$$3HNO_2 \rightarrow HNO_3 + H_2O + 2NO$$

اسی طرح فاسفورس کے معاملے میں تقریباً سبھی ضمنی تکسیدی حالتیں القلی اور تیزابوں دونوں میں 5+ یا 3+ میں غیر متناسب ہوجاتی ہیں۔ حالانکہ آرسینک اینٹی منی اور بسمتھ 3+ تکسیدی حالت غیر متناسبیت کے ساتھ بہت زیادہ مستحکم ہوجاتی ہے۔

نائٹروجن کی زیادہ سے زیادہ ویلنسی 4 ہوسکتی ہے۔ کیونکہ صرف 4 اربٹل (ایک s اور تین $p$) ہی بندش کے



2019-20

لیے دستیاب ہیں۔ بھاری عناصر کے باہری شیل میں خالی $d$ اربٹل ہوتے ہیں جو کہ بندش (Covalency) میں استعمال کیے جاسکتے ہیں اوراس طرح یہ اپنی شریک گرفت میں توسیع کر لیتے ہیں جیسا کہ $PF_6^-$ ہیں۔

### نائٹروجن کی غیر مربوط خصوصیات (Anomalous Properties of Nitrogen)

نائٹروجن اپنے چھوٹے سائز، زیادہ برقی منفیت، زیادہ آیونائزیشن اینتھالپی اور $d$ اربٹل کی عدم دستیابی کی وجہ سے گروپ کے دیگر ممبران سے مختلف ہے۔ نائٹروجن میں اپنے ساتھ اور چھوٹے سائز نیز زیادہ برقی منفیت والے عناصر (جیسے C, O) کے ساتھ $p\pi$-$p\pi$ کثیر بانڈ بنانے کی ایک انوکھی صلاحیت ہے۔ اس گروپ کے بھاری عناصر $p\pi$-$p\pi$ بانڈ نہیں بناتے کیونکہ ان کے ایٹمی اربٹل اتنے بڑے اور منفوذ (Diffuse) ہوتے ہیں کہ وہ موثر اور لیپنگ نہیں کر سکتے۔ اس طرح نائٹروجن کا سالمہ دو ایٹمی ہوتا ہے جس میں دو ایٹموں کے درمیان تہرا بانڈ (ایک s اور دو p) ہوتا ہے۔ نتیجتاً اس کی بانڈ اینتھالپی ($941.4\ kJ\ mol^{-1}$) بہت زیادہ ہے۔ اس کے برعکس فاسفورس، آرسینک اور اینٹی منی واحد بانڈ بناتے ہیں جیسے کہ P–P، As–As، Sb–Sb جبکہ بسمتھ عنصری حالت میں دھاتی بانڈ بناتا ہے۔ حالانکہ واحد N–N بانڈ واحد P–P بانڈ کے مقابلے میں کمزور ہوتا ہے کیونکہ غیر بندشی الیکٹرانوں کے بہت زیادہ انٹر الیکٹرانک دفع کی وجہ سے بانڈ کی لمبائی کم ہوجاتی ہے۔ نتیجتاً نائٹروجن میں کیٹینیشن کا رجحان کم ہوجاتا ہے۔ ایک اور عوامل جو نائٹروجن کی کیمسٹری کو متاثر کرتا ہے وہ ہے اس کی ویلنس شیکل میں $d$ اربکل کی عدم موجودگی۔ اس کی ویلنسی 4 تک محدود رہنے کے علاوہ نائٹروجن $d\pi$–$p\pi$ بانڈ نہیں بناسکتی جیسا کہ بھاری عناصر کرتے ہیں مثلاً $R_3P = O$ یا $R_3P = CH_2$ (R-القلمی گروپ) فاسفورس اور آرسینک عبوری عناصر کے ساتھ بھی $d\pi$–$p\pi$ بانڈ بنا سکتے ہیں جب ان کے مرکبات جیسے $P(C_2H_5)_3$ اور $As(C_6H_5)_3$ لیگند کے طور پر کام کرتے ہیں۔

(i) **ہائڈروجن کے تئیں تعاملیت :** گروپ 15 کے سبھی عناصر $EH_3$ قسم کے ہائڈرائڈ بناتے ہیں جہاں E = N, P, As, Sb اور Bi ہے۔ ان ہائڈرائڈ کی کچھ خصوصیات جدول 7.2 میں دکھائی گئی ہیں۔ ہائڈرائڈ اپنی خصوصیات میں باقاعدہ (Gradation) ظاہر کرتے ہیں۔ ہائڈرائڈ کا استحکام $NH_3$ سے $BiH_3$ تک گھٹتا ہے۔ جس کا مشاہدہ ان کی بانڈ تحلیل اینتھالپی سے کیا جاسکتا ہے۔ نتیجتاً ہائڈرائڈوں کی تحویلی خصوصیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ واحد امونیا ایک معمولی تحویلی ایجنٹ ہے جبکہ $BiH_3$ تمام ہائڈرائڈوں میں سب سے زیادہ طاقتور تحویلی ایجنٹ ہے۔ اساسیت میں بھی مندرجہ ذیل ترتیب کے مطابق کمی آتی ہے۔ $NH_3 > PH_3 > AsH_3 > SbH_3 > BiH_3$: نائٹروجن کی چھوٹی جسامت اور اعلیٰ الیکٹرونیگیٹیوٹی کی وجہ سے $NH_3$ ٹھوس اور رقیق حالتوں میں ہائیڈروجن گرفت دکھاتی ہے۔ اس کی وجہ سے اس کا نقطۂ گداخت اور نقطۂ ابال $PH_3$ کے مقابلے میں زیادہ ہوتا ہے۔

**جدول 7.2 گروپ 15 کے عناصر کے ہائڈرائڈوں کی خصوصیت**

| خصوصیت | $NH_3$ | $PH_3$ | $AsH_3$ | $SbH_3$ | $BiH_3$ |
|---|---|---|---|---|---|
| نقطہ گداخت / K | 195.2 | 139.5 | 156.7 | 185 | – |
| نقطہ جوش / K | 238.5 | 185.5 | 210.6 | 254.6 | 290 |
| (E–H) فاصلہ / pm | 101.7 | 141.9 | 151.9 | 170.7 | – |



© NCERT not to be republished

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| زاویہ HEH (°) | 107.8 | 93.6 | 91.8 | 91.3 | – |
| $\Delta_f H^\ominus/kJ\ mol^{-1}$ | –46.1 | 13.4 | 66.4 | 145.1 | 278 |
| $\Delta_{diss} H^\ominus(E–H)/kJ\ mol^{-1}$ | 389 | 322 | 297 | 255 | – |

(ii) **آکسیجن کے تئیں تعاملیت** *(Reactivity towards oxygen)*: یہ سبھی عناصر دو قسم کے آکسائڈ بناتے ہیں $E_2O_3$ اور $E_2O_5$۔ اونچی تکسیدی حالت میں عنصر کا آکسائڈ کم تکسیدی حالت کے مقابلے زیادہ تیزابی ہوتا ہے۔ گروپ میں نیچے جانے پر ان کی تیزابی خصوصیت گھٹتی جاتی ہے۔ نائٹروجن اور فاسفورس کے $E_2O_5$ قسم کے آکسائڈ خالص تیزابی ہوتے ہیں آرسینک اور اینٹی منی کے ایمفوٹیرک اور بسمتھ کے آکسائڈ اساسی ہوتے ہیں۔

(iii) **ہیلوجن کے تئیں تعاملیت** *(Reactivity towards halogens)*: یہ عناصر تعامل کرکے دو قسم کے ہیلائڈ بناتے ہیں۔ $EX_3$ اور $EX_5$۔ اپنے ویلنس شیل میں d ارباٹل کی عدم موجودگی کی وجہ سے نائٹروجن پینٹا ہیلائڈ نہیں بناتی۔ ٹرائی ہیلائڈوں کے مقابلے پینٹا ہیلائڈ زیادہ شریک گرفت ہوتے ہیں۔ یہ اس وجہ سے ہوتا ہے کہ پینٹا ہیلائڈ میں 5+ اور ٹرائی ہیلائڈ میں 3+ تکسیدی حالتیں ہوتی ہیں۔ چونکہ 5+ تکسیدی حالت میں عناصر کی تقطیبی قوت 3+ تکسیدی حالت کی بنسبت زیادہ ہوتی ہے لہٰذا شریک گرفت کی خصوصیت پینٹا ہیلائڈ میں زیادہ ہوتی ہے۔ نائٹروجن کے علاوہ ان عناصر کے تمام ہیلائڈ مستحکم ہوتے ہیں۔ نائٹروجن میں صرف $NF_3$ ہی مستحکم ہے۔ $BiF_3$ کے علاوہ ٹرائی ہیلائڈ بہت زیادہ شریک گرفت نوعیت کے ہیں۔

(iv) **دھاتوں کے تئیں تعاملیت** *(Reactivity towards metals)*: یہ سبھی عناصر دھاتوں کے ساتھ تعامل کرکے بائنری مرکبات بناتے ہیں اور 3– تکسیدی حالت کو ظاہر کرتے ہیں مثلاً $Ca_3N_2$ (کیلشیم نائٹرائڈ) $Ca_3P_2$ (کیلشیم فاسفائڈ) $Na_3As$ (سوڈیم آرسینائڈ) $Zn_3Sb_2$ (زنک اینٹی مونائڈ) اور $Mg_3Bi_2$ (میگنیشیم بسمتھائڈ)

**مثال 7.1** حالانکہ نائٹروجن 5+ تکسیدی حالت کو ظاہر کرتی ہے لیکن یہ پینٹا ہیلائڈ نہیں بناتی۔ وجہ بتائیے۔

**حل** نائٹروجن (n = 2) میں صرف s اور p ارباٹل ہوتے ہیں۔ اس کے پاس اپنے کوویلنس میں چار سے آگے توسیع کے لیے d ارباٹل نہیں ہوتے۔ اسی لیے یہ پینٹا ہیلائڈ نہیں بناتی۔

**مثال 7.2** $PH_3$ کا نقطہ جوش $NH_3$ کے مقابلے کم ہے۔ کیوں؟

**حل** $NH_3$ کی طرح $PH_3$ کے سالمات رقیق حالت میں ہائڈروجن بندش کے ذریعہ جڑے ہوئے نہیں ہوتے۔ اسی وجہ سے $PH_3$ کا نقطہ جوش $NH_3$ کے مقابلے کم ہوتا ہے۔

**متن پر مبنی سوالات**

**7.1** ٹرائی ہیلائڈوں کے مقابلے P، As، Sb اور B کے پینٹا ہیلائڈ زیادہ شریک گرفت کیوں ہوتے ہیں؟

**7.2** گروپ 15 عناصر کے تمام ہائڈرائڈوں میں $BiH_3$ سب سے مضبوط تحویلی ایجنٹ ہے۔ کیوں؟



© NCERT not to be republished

## 7.2 ڈائی نائٹروجن
## (Dinitrogen)

### تیاری (Preparation)

ڈائی نائٹروجن کو تجارتی پیمانے پر ہوا کی اماعت (Liquifaction) اور کسری کشید (Fractional Distillation) سے تیار کیا جاتا ہے۔ رقیق ڈائی نائٹروجن (b.p. 77.2k) کی کشید پہلے ہوتی ہے جبکہ رقیق آکسیجن (p.p. 90k) کی کشید اس کے بعد ہوتی ہے۔

تجربہ گاہ میں ڈائی نائٹروجن کو بنانے کے لیے امونیم کلورائڈ کے آبی محلول کا سوڈیم نائٹریٹ کے ساتھ تعامل کرایا جاتا ہے۔

$$NH_4CI(aq) + NaNO_2(aq) \quad N2(g) + 2H_2O(l) + NaCl\ (aq)$$

اس تعامل میں تھوڑی سی مقدار میں NO اور $HNO_3$ بھی بنتے ہیں۔ یہ ملاوٹیں گیس کو پٹاشیم ڈائی کرومیٹ پر مشتمل آبی سلفیورک ایسڈ میں سے گزار کر دور کی جاسکتی ہیں۔ اسے امونیم ڈائی کرومیٹ کی حرارتی تحلیل سے بھی حاصل کیا جاسکتا ہے۔

$$(NH_4)_2Cr_2O_7 \xrightarrow{\text{Heat}} N_2 + 4H_2O + Cr_2O_3$$

بہت زیادہ خالص نائٹروجن کو سوڈیم یا بیریم ایزائڈ کی حرارتی تحلیل سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

$$Ba(N_3)_2 \rightarrow Ba + 3N_2$$

### خصوصیات (Properties)

ڈائی نائٹروجن بے رنگ، بغیر بو، بے ذائقہ اور غیر سمی گیس ہے۔ اس کے دو مستحکم آئسوٹوپ ہیں $^{14}N$ اور $^{15}N$ یہ پانی میں بہت کم حل پذیر ہے (273k اور Ibar دباؤ پر فی لیٹر پانی میں $23.2\ cm^3$) اس کے نقطہ انجماد اور نقطہ جوش کم ہوتے ہیں (جدول 7.1)

کمرہ کے درجہ حرارت پر ڈائی نائٹروجن بہت زیادہ غیر عامل ہے کیونکہ N≡N بانڈ کی بانڈ اینتھالپی زیادہ ہوتی ہے۔ حالانکہ درجہ حرارت میں اضافہ کے ساتھ تعاملیت میں تیزی سے اضافہ ہوتا ہے۔ اونچے درجہ حرارت پر یہ کچھ دھاتوں کے ساتھ تعامل کرکے آئنی نائٹرائڈ بناتی ہے اور غیر دھاتوں کے ساتھ شریک گرفت نائٹرائڈ بناتی ہے۔ کچھ تعاملات ذیل میں دیے گئے ہیں۔

$$6Li + N_2 \xrightarrow{\text{Heat}} 2Li_3N$$

$$3Mg + N_2 \xrightarrow{\text{Heat}} Mg_3N_2$$

یہ تقریباً 773 K پر وسیط کی موجودگی میں ہائڈروجن سے تعامل کرکے (ہیبر س پراسس) امونیا بناتی ہے۔

$$N_2(g) + 3H_2(g) \xrightleftharpoons{773\ K} 2NH3(g); \quad \Delta_f H^\ominus = -46.1\ kJmol^{-1}$$

صرف بہت زیادہ درجہ حرارت (تقریباً 2000 K پر) پر ڈائی نائٹروجن ڈائی آکسیجن سے تعامل کرکے نائٹرک آکسائڈ، NO بناتی ہے۔

$$N_2 + O_2(g) \xrightleftharpoons{\text{Heat}} 2NO(g)$$

**استعمال** : ڈائی نائٹروجن کا سب سے اہم استعمال امونیا بنانے میں اور نائٹروجن پر مشتمل دیگر صنعتی کیمیا بنانے میں کیا جاتا ہے۔ (مثلاً کیلشیم سائنمائڈ) جہاں غیر عامل کرہ باد کی ضرورت ہوتی ہے وہاں بھی اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ (مثلاً آئرن اور اسٹیل انڈسٹری میں، متعامل کیمکلس کے

© NCERT not to be republished

لیے غیر عامل میڈیم) رقیق ڈائی نائٹروجن کا استعمال حیاتیاتی اشیاء، غذائی مادے اور کرایوسرجری (Cryosurgery) میں ریفریجرنٹ کے طور پر کیا جاتا ہے۔

**مثال 7.3**

سوڈیم ایزائڈ کی حرارتی تحلیل کے لیے تعامل لکھیے۔

**حل**

سوڈیم ایزائڈ کی حرارتی تحلیل کے نتیجے میں ڈائی نائٹروجن گیس پیدا ہوتی ہے۔

$$2NaN_3 \rightarrow 2Na + 3N_2$$

**متن پر مبنی سوالات**

7.3 کمرہ کے درجہ حرارت پر $N_2$ کم تعامل پذیر کیوں ہے؟

## 7.3 امونیا (Ammonia)

### تیاری (Preparation)

امونیا ہوا اور مٹی میں کم مقدار میں موجود ہوتی ہے جہاں یہ نائٹروجنی نامیاتی مادہ (مثلاً یوریا) کی تحلیل کے نتیجے میں پیدا ہوتی ہے۔

$$NH_2CONH_2 + 2H_2O \rightarrow (NH_4)_2CO_3 \rightleftharpoons 2NH_3 + H_2O + CO_2$$

چھوٹے پیمانے پر امونیا کو امونیا نمک سے حاصل کیا جاتا ہے جو کہ کاسٹک سوڈا یا چونے کے ساتھ تعامل کر کے تحلیل ہو جاتا ہے۔

$$2NH_4Cl + Ca(OH)_2 \rightarrow 2NH_3 + 2H_2O + CaCl_2$$


$$(NH_4)_2SO_4 + 2NaOH \rightarrow 2NH_3 + 2H_2O + Na_2SO_4$$

بڑے پیمانے پر امونیا کو ہیبرس پراسس کے ذریعہ تیار کیا جاتا ہے۔

$$N_2(g) + 3H_2(g) \rightleftharpoons 2NH_3(g); \qquad \Delta_f H^\ominus = -46.1 \text{ kJ mol}^{-1}$$

لے چیٹلرس اصول کے مطابق، امونیا کی تشکیل کے لیے اونچا دباؤ موافق ہوگا۔ $200 \quad 10^5$ Pa (تقریباً 200 atm)، K 700 ~ کا درجہ حرارت نیز $K_2O$ اور $Al_2O_3$ پر مشتمل آئرن آکسائڈ جیسے وسیط کا استعمال تاکہ توازن کی حالت کو حاصل کرنے کی شرح میں اضافہ ہو سکے، یہ کچھ ایسے حالات ہیں جو امونیا کی تیاری کے لیے موافق ہیں۔ امونیا کی تیاری سے متعلق فلو چارٹ شکل 7.1 میں دکھایا گیا ہے۔

### خصوصیات (Properties)





امونیا ایک بے رنگ گیس ہے جس میں سے تیز بو آتی ہے۔ اس کے نقطہ انجماد اور نقطہ جوش بالترتیب 198.4 K اور 239.7 K ہیں۔ ٹھوس اور رقیق حالت میں یہ ہائڈروجن بانڈ سے منسلک ہوتی ہے جیسا کہ پانی میں ہوتا ہے جس کی وجہ سے اس کے نقطہ گداخت اور نقطہ جوش کی قدریں سالماتی کمیت کی بنیاد پر متوقع قدروں کے مقابلے زیادہ ہوتی ہیں۔ امونیا کا سالمہ ٹرائی گونل پیرامڈل ہوتا ہے جس کی چوٹی پر نائٹروجن ایٹم ہے۔ اس میں الیکٹران کے تین بانڈ پیئر اور ایک لون پیئر ہوتا ہے جیسا کہ اس کی ساخت میں دکھایا گیا ہے۔

امونیا گیس پانی میں بہت زیادہ حل پذیر ہے۔ اس کا آبی محلول $OH^-$ آینوں کی تشکیل کی وجہ سے معمولی اساس ہوتا ہے۔





© NCERT not to be republished




شکل **7.1** : امونیا کی تیاری کا فلو چارٹ

$$NH_3(g) + H_2O(l) \rightleftharpoons NH_4^+(aq) + OH^-(aq)$$

یہ تیزابوں کے امونیم نمک بناتی ہے مثلاً $NH_4Cl$, $(NH_4)_2SO_4$ وغیرہ۔ کمزور اساس کے طور پر یہ کئی دھاتوں کے ہائڈروکسائڈوں کی ان کے نمک محلولوں سے ترسیب کر دیتی ہے۔ مثال کے طور پر

$$2FeCl_3(aq) + 3NH_4OH(aq) \rightarrow \underset{\text{(بھورا رسوب)}}{Fe_2O_3.xH_2O(s)} + 3NH_4Cl(aq)$$

$$ZnSO_4(aq) + 2NH_4OH(aq) \rightarrow \underset{\text{(سفید رسوب)}}{Zn(OH)_2(s)} + (NH_4)_2SO_4(aq)$$

امونیا سالمہ کے نائٹروجن ایٹم پر الیکٹرانوں کے لون پیئر کی موجودگی اسے لیوس اساس بنا دیتی ہے۔ یہ ایک الیکٹران کا جوڑا دے کر دھاتی آینوں کے ساتھ بندش کرتی ہے۔ اور ایسے کمپلیکس مرکبات کی تشکل کرتی ہے جن کا استعمال $Cu^{2+}$ اور $Ag^{2+}$ جیسے دھاتی آینوں کی شناس میں کیا جاتا ہے۔

$$\underset{\text{(نیلا)}}{Cu^{2+}(aq)} + 4NH_3(aq) \rightleftharpoons \underset{\text{(گہرا نیلا)}}{[Cu(NH_3)_4]^{2+}(aq)}$$

$$\underset{\text{(بے رنگ)}}{Ag^+(aq)} + Cl^-(aq) \rightarrow \underset{\text{(سفید ppt)}}{AgCl(s)}$$

$$\underset{\text{(سفید ppt)}}{AgCl(s)} + 2NH_3(aq) \rightarrow \underset{\text{(بے رنگ)}}{[Ag(NH_3)_2]Cl(aq)}$$

**استعمال:** امونیا کا استعمال متعدد نائٹروجنی فرٹیلائزر (امونیم نائٹریٹ، یوریا، امونیم فاسفیٹ اور امونیم سلفیٹ) بنانے میں اور کچھ غیر نامیاتی نائٹروجنی مرکبات جن میں سب سے زیادہ اہم نائٹرک ایسڈ ہے بنانے میں کیا جاتا ہے۔ رقیق امونیا کا استعمال ریفریجرینٹ کے طور پر بھی کیا جاتا ہے۔

© NCERT not to be republished

**مثال 7.4**

$NH_3$ لیوئس اساس کے طور پر کیوں کام کرتی ہے؟

**حل**

$NH_3$ میں نائٹروجن ایٹم کے پاس الیکٹرانوں کا ایک لون پیئر ہوتا ہے جو کہ عطیہ کے لیے دستیاب رہتا ہے۔ اسی لیے یہ لیوئس اساس کے طور پر کام کرتی ہے۔

**متن پر مبنی سوالات**

**7.4** امونیا کی پیداوار میں اضافہ کے لیے درکار حالات کو بیان کیجیے۔

**7.5** امونیا $Cu^{2+}$ کے محلول سے کس طرح تعامل کرتی ہے؟

## 7.4 نائٹروجن کے آکسائڈ (Oxides of Nitrogen)

نائٹروجن مختلف تکسیدی حالتوں میں متعدد آکسائڈ بناتی ہے۔ ان آکسائڈوں کے نام فارمولے، تیاری اور طبیعی حالت جدول 7.3 میں دی گئی ہے۔

**جدول 7.3 نائٹروجن کے آکسائڈ**













| نام | فارمولہ | نائٹروجن کی تکسیدی حالت | تیاری کے عام طریقے | طبیعی حالت اور کیمیائی نوعیت |
|---|---|---|---|---|
| ڈائی نائٹروجن آکسائڈ (نائٹروجن (I) آکسائڈ) | $N_2O$ | + 1 | $NH_4NO_3 \xrightarrow{Heat} N_2O + 2H_2O$ | بے رنگ گیس تعدیلی |
| نائٹروجن مونو آکسائڈ (نائٹروجن (II) آکسائڈ) | NO | + 2 | $2NaNO_2 + 2FeSO_4 + 3H_2SO_4 \rightarrow Fe_2(SO_4)_3 + 2NaHSO_4 + 2H_2O + 2NO$ | بے رنگ گیس تعدیلی |
| ڈائی نائٹروجن ٹرائی آکسائڈ (نائٹروجن (III) آکسائڈ) | $N_2O_3$ | + 3 | $2NO + N_2O_4 \xrightarrow{250\,K} 2N_2O_3$ | نیلا ٹھوس تیزابی |
| نائٹروجن ٹرائی آکسائڈ (نائٹروجن (IV) آکسائڈ) | $NO_2$ | + 4 | $2Pb(NO_3)_2 \xrightarrow{673\,K} 4NO_2 + 2PbO$ | بھوری گیس تیزابی |
| ڈائی نائٹروجن ٹیٹرا آکسائڈ (نائٹروجن (IV) آکسائڈ) | $N_2O_4$ | + 4 | $2NO_2 \underset{Heat}{\overset{Cool}{\rightleftharpoons}} N_2O_4$ | بے رنگ ٹھوس رقیق، تیزابی |
| ڈائی نائٹروجن ٹیٹرآ آکسائڈ (نائٹروجن (V) آکسائڈ) | $N_2O_5$ | + 5 | $4HNO_3 + P_4O_{10} \rightarrow 4HPO_3 + 2N_2O_5$ | بے رنگ ٹھوس تیزابی |

آکسائڈوں کی لیوئس ڈاٹ خاص گمک ساختیں اور بانڈ پیرا میٹر جدول 7.4 میں دیے گئے ہیں۔



© NCERT not to be republished
2019-20

## جدول 7.4 نائٹروجن کے آکسائڈوں کی ساختیں

| Formula | Resonance Structures | Bond Parameters |
|---|---|---|
| $N_2O$ |  |  |
| $NO$ |  |  |
| $N_2O_3$ |  |  |
| $NO_2$ |  |  |
| $N_2O_4$ |  |  |
| $N_2O_5$ |  |  |

© NCERT not to be republished

**مثال 7.5** $NO_2$ ڈائی میرائز (Dimerise) کیوں ہے؟

**حل** $NO_2$ ویلنس الیکٹرانوں کی تعداد طاق ہے۔ یہ ایک طاق سالمہ کے جیسا طرز عمل ظاہر کرتا ہے۔ ڈائی میرائزیشن پر یہ مستحکم $N_2O_4$ سالمہ میں تبدیل ہوجاتی ہے جس میں الیکٹرانوں کی تعداد جفت ہے۔

**متن پر مبنی سوالات**

**7.6** $N_2O_5$ میں نائٹروجن کا کوویلنس کیا ہے؟

## 7.5 نائٹرک ایسڈ (Nitric Acid)

نائٹروجن $H_2N_2O_2$ (ہائپونائٹرس ایسڈ) $HNO_2$ (نائٹرس ایسڈ) اور $HNO_3$ نائٹرک نائٹرک ایسڈ جیسے آکسائڈ بناتی ہے۔ ان میں سے $HNO_3$ سب سے زیادہ اہم ہے۔

## تیاری

تجربہ گاہ میں نائٹرک ایسڈ کو گلاس ریٹارٹ (Glass retort) میں $KNO_3$ یا $NaNO_3$ کو سلفیورک ایسڈ کے ساتھ گرم کر کے بنایا جاتا ہے۔

$$NaNO_3 + H_2SO_4 \rightarrow NaHSO_4 + HNO_3$$

بڑے پیمانے پر اسے اوسٹوالڈ پراسس (Ostwald's Process) کے ذریعہ تیار کیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ کرہ باد کی آکسیجن کے ذریعہ $NH_3$ کی وسطی تکسید پر مبنی ہے۔

$$4NH_3(g) + \underset{\text{(from air)}}{5O_2(g)} \xrightarrow[\text{500 K, 9 bar}]{\text{Pt / Rh gauge catalyst}} 4NO(g) + 6H_2O(g)$$

اس طرح حاصل ہونے والا نائٹرک آکسائڈ آکسیجن کے ساتھ متحد ہو کر $NO_2$ دیتا ہے۔


$$2NO(g) + O_2(g) \rightleftharpoons 2NO_2(g)$$

اس طرح سے بننے والی نائٹروجن ڈائی آکسائڈ پانی میں حل ہو کر $HNO_3$ بناتی ہے۔

$$3NO_2(g) + H_2O(l) \rightarrow 2HNO_3(aq) + NO(g)$$

اس طرح حاصل ہونے والی NO کو ری سائیکل کیا جاتا ہے اور $HNO_3$ کے آبی محلول کو کشید کی مدد سے کمیت کے اعتبار سے 68% تک مرتکز کیا جاسکتا ہے۔ مرتکز $H_2SO_4$ کے ساتھ ڈی ہائڈریشن کے ذریعہ 98% تک مرتکز کیا جاسکتا ہے۔

## خصوصیات




یہ ایک بے رنگ رقیق ہے (b.p. 355.6 K اور f.p. 231.4 K) تجربہ گاہ میں بنائے گئے نائٹرک ایسڈ میں کمیت کے اعتبار سے 68% ~ $HNO_3$ ہوتا ہے۔ اور اس کی نوعی کثافت (Specific Gravity) 1.504 ہے۔

گیسی حالت میں $HNO_3$ کا سالمہ مسطح ہوتا ہے جس کی ساخت کو شکل میں دکھایا گیا ہے۔

آبی محلول میں نائٹرک ایسڈ طاقتور تیزاب کے جیسا طرز عمل ظاہر کرتا ہے نیز ہائڈرونیم اور نائٹریٹ آین بناتا ہے۔

$$HNO_3(aq) + H_2O(l) \rightarrow H_3O^+(aq) + NO_3^-(aq)$$

مرتکز نائٹرک ایسڈ ایک طاقتور تکسیدی ایجنٹ ہے اور نویل دھاتوں جیسے سونا اور پلاٹنم کو چھوڑ کر زیادہ تر دھاتوں سے تعامل کرتا ہے۔ تکسید کے ماحصلات کا انحصار ایسڈ کے ارتکاز، درجہ حرارت اور تکسید ہونے والے مادے کی نوعیت پر ہوتا ہے۔

$$3Cu + 8\,HNO_3(dilute) \rightarrow 3Cu(NO_3)_2 + 2NO + 4H_2O$$

$$Cu + 4HNO_3(conc.) \rightarrow Cu(NO_3)_2 + 2NO_2 + 2H_2O$$

زنک ڈائی لیوٹ نائٹرک ایسڈ کے ساتھ تعامل کر کے $N_2O$ بناتا ہے اور مرتکز نائٹرک ایسڈ کے ساتھ تعامل کر کے $NO_2$ بناتا ہے۔



© NCERT not to be republished

$$4Zn + 10HNO_3(dilute) \rightarrow 4\,Zn\,(NO_3)_2 + 5H_2O + N_2O$$

$$Zn + 4HNO_3(conc.) \rightarrow Zn\,(NO_3)_2 + 2H_2O + 2NO_2$$

کچھ دھاتیں (مثلاً Al، Cr) مرتکز نائٹرک ایسڈ میں حل نہیں ہوئیں کیونکہ ان کی سطح پر آکسائڈ کی Passive پرت بن جاتی ہے۔

مرتکز نائٹرک ایسڈ غیر دھاتوں اور ان کے مرکبات کو بھی تکسید کرتا ہے۔ آیوڈین کی آیوڈک ایسڈ میں کاربن کی کاربن ڈائی آکسائڈ میں سلفر کی $H_2SO_4$ میں اور فاسفورس کی فاسفورک ایسڈ میں تکسید ہوتی ہے۔

$$I_2 + 10HNO_3 \rightarrow 2HIO_3 + 10\,NO_2 + 4H_2O$$

$$C + 4HNO_3 \rightarrow CO_2 + 2H_2O + 4NO_2$$

$$S_8 + 48HNO_3(conc.) \rightarrow 8H_2SO_4 + 48NO_2 + 16H_2O$$

$$P_4 + 20HNO_3(conc.) \rightarrow 4H_3PO_4 + 20\,NO_2 + 4H_2O$$

**براؤن رنگ ٹیسٹ (Brown Ring Test):** نائٹریٹ کے لیے جانا پہچانا براؤن رنگ ٹیسٹ $Fe^{2+}$ آینوں کی اس صلاحیت پر مبنی ہے جس کے ذریعہ یہ نائٹریٹ کی نائٹرک آکسائڈ میں تحویل کر دیتے ہیں جو کہ $Fe^{2+}$ سے تعامل کر کے بھورے رنگ کا کمپلیکس بناتا ہے۔ یہ ٹیسٹ عام طور سے نائٹریٹ آین کے آبی محلول میں ڈائی لیوٹ فیرس سلفیٹ ملا کر اور پھر اس کے بعد احتیاط کے ساتھ ٹیسٹ ٹیوب کی دیوار کے سہارے مرتکز $H_2SO_4$ ملا کر انجام دیا جاتا ہے۔ محلول اور سلفیورک ایسڈ کی پرتوں کے انٹرفیس پر بھورے رنگ کے چھلے کا بننا محلول میں نائٹریٹ آینوں کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے۔

$$NO_3^- + 3Fe^{2+} + 4H^+ \rightarrow NO + 3Fe^{3+} + 2H_2O$$

$$[Fe\,(H_2O)_6]^{2+} + NO \rightarrow [Fe\,(H_2O)_5\,(NO)]^{2+} + H_2O$$

(کتھئی)

**استعمال:** نائٹرک ایسڈ کا سب سے زیادہ استعمال فرٹیلائزروں کے لیے امونیم نائٹریٹ بنانے میں اور دھماکہ نیز پائرو ٹکنیک (Pyrotechnics) میں دیگر نائٹریٹ بنانے میں کیا جاتا ہے اس کا استعمال نائٹروگلسرین ٹرائی نائٹروٹولوئین اور دیگر نامیاتی نائٹرو مرکبات بنانے میں کیا جاتا ہے۔ اس کا دوسرا اہم استعمال اسٹین لیس اسٹیل کی سطح کو صاف کرنے، دھاتوں پر نقاشی کرنے اور راکٹ ایندھنوں میں تکسید کے طور پر کیا جاتا ہے۔

## 7.6 فاسفورس کے بہروپ (Phosphorus — Allotropic Forms)

فاسفورس کئی بہروپی شکلوں میں پایا جاتا ہے۔ سفید، سرخ اور سیاہ اہم بہروپی شکلیں ہیں۔

سفید فاسفورس نیم شفاف سفید موم جیسا ٹھوس ہے۔ یہ زہریلا ہوتا ہے، پانی میں غیر حل پذیر ہے لیکن کاربن ڈائی سلفائڈ میں حل پذیر ہے اور اندھیرے میں چمکتا ہے (Chemiluminesence) غیر عامل کرہ باد میں ابلتے ہوئے NaOH میں حل ہو جاتا ہے اور $PH_3$ بناتا ہے۔

$$P_4 + 3NaOH + 3H_2O \rightarrow PH_3 + 3NaH_2PO_2$$

(سوڈیم ہائپوفاسفیٹ)




© NCERT not to be republished

سفید فاسفورس کم مستحکم ہے اور اس لیے عام حالات میں دیگر ٹھوس حالتوں کے مقابلے زیادہ تعامل پذیر ہے کیونکہ $P_4$ سالمہ میں زاویائی تناؤ ہے جہاں زاویے صرف 60° کے ہیں۔ یہ ہوا میں تیزی سے آگ پکڑ لیتا ہے اور $P_4O_{10}$ کا سفید دھواں پیدا کرتا ہے۔

$$P_4 + 5O_2 \rightarrow P_4O_{10}$$


یہ مجرد ٹیٹرا ہیڈرل $P_4$ سالمات پر مشتمل ہوتا ہے جیسا کہ شکل 7.2 میں دکھایا گیا ہے۔




شکل **7.2** : سفید فاسفورس

سفید فاسفورس کو غیر عامل کرہ باد میں 573 K پر کئی دنوں تک گرم کرنے سے سرخ فاسفورس حاصل ہوتا ہے۔ جب سرخ فاسفورس کو اونچے دباؤ پر گرم کیا جاتا ہے تو سیاہ فاسفورس کی فیز کا ایک سلسلہ تشکیل پاتا ہے۔ سرخ فاسفورس میں لوہے جیسی سلیٹی چمک ہوتی ہے۔ اس میں کسی قسم کی کوئی بو نہیں ہوتی، یہ زہریلا نہیں ہے اور پانی نیز کاربن ڈائی سلفائڈ دونوں میں حل پذیر نہیں ہے۔ کیمیائی اعتبار سے سرخ فاسفورس سفید فاسفورس کے مقابلے کم تعامل پذیر ہے۔ یہ اندھیرے میں نہیں چمکتا۔

یہ پالیمیرک (Polymeric) ہے جس میں $P_4$ ٹیٹرا ہیڈرا زنجیریں ایک دوسرے سے جڑی رہتی ہیں جیسا کہ شکل 7.3 میں دکھایا گیا ہے۔




شکل **7.3** : سرخ فاسفورس

سیاہ فاسفورس کی دو شکلیں ہیں α- بلیک فاسفورس اور β- بلیک فاسفورس۔ جب سرخ فاسفورس کو سیل بند ٹیوب میں 803 K پر گرم کیا جاتا ہے تو α-بلیک فاسفورس حاصل ہوتا ہے۔ اس کی ہوا میں تکسید ہوسکتی ہے اور اس کا کرسٹل مونو کلینک (Monoclinic) یا رہومبو ہیڈرل (Rhombohedral) ہوتا ہے۔ یہ ہوا میں تکسید نہیں ہوتا β-بلیک فاسفورس اس وقت حاصل ہوتا ہے جب سفید فاسفورس کو اونچے دباؤ پر 473 K تک گرم کیا جاتا ہے۔ یہ 673 K تک ہوا میں نہیں جلتا۔

## 7.7 فاسفین (Phosphine)

### تیاری

کیلشیم فاسفائڈ کا پانی یا ڈائی لیوٹ HCl کے ساتھ تعامل کرکے فاسفین بناتا ہے۔

$$Ca_3P_2 + 6H_2O \rightarrow 3Ca(OH)_2 + 2PH_3$$

$$Ca_3P_2 + 6HCl \rightarrow 3CaCl_2 + 2PH_3$$

تجربہ گاہ میں اسے سفید فاسفورس کو مرتکز NaOH محلول کے ساتھ $CO_2$ کے غیر حاصل کرہ باد میں گرم کرکے بنایا جاتا ہے۔

$$P_4 + 3NaOH + 3H_2O \rightarrow PH_3 + 3NaH_2PO_2$$

(سوڈیم ہائپو فاسفائٹ)

جب خالص شکل میں ہوتی ہے تو یہ اشتعال پذیر نہیں ہے لیکن $P_2H_4$ یا $P_4$ بخارات کی موجودگی میں یہ اشتعال پذیر ہوجاتی ہے۔ ملاوٹوں کو دور کرکے خالص بنانے کے لیے اسے HI میں جذب کرایا جاتا ہے جس سے فاسفونیم آیوڈائڈ Phusphounium Iodide) $(PH_4I)$ بنتا ہے۔ جو کہ KOH سے تعامل کرکے فاسفین بناتا ہے۔



© NCERT not to be republished

$$PH_4I + KOH \rightarrow KI + H_2O + PH_3$$

### خصوصیات

یہ ایک بے رنگ گیس ہے جس میں سے سڑی ہوئی مچھلی جیسی بو آتی ہے۔ اور نہایت زہریلی ہے۔ یہ $Cl_2$، $HNO_3$ اور $Br_2$ بخارات جیسے تکسیدی ایجنٹ کی معمولی سی مقدار کے ساتھ تعامل کر کے دھماکہ کر دیتی ہے۔

یہ پانی میں بہت زیادہ حل پذیر ہے۔ پانی میں $PH_3$ کا محلول روشنی کی موجودگی میں تحلیل ہوکر سرخ فاسفورس اور $H_2$ پیدا کرتا ہے۔ جب اسے کاپر سلفیٹ یا مرکیورک کلورائڈ کے محلول میں جذب کرایا جاتا ہے تو نظیری فاسفائڈ حاصل ہوتے ہیں۔

$$3CuSO_4 + 2PH_3 \rightarrow Cu_3P_2 + 3H_2SO_4$$

$$3HgCl_2 + 2PH_3 \rightarrow Hg_3P_2 + 6HCl$$

فاسفین کمزور قسم کا اساس ہے اور امونیا کی طرح تیزابوں سے تعامل کر کے فاسفونیم مرکبات بناتی ہے۔ مثلاً

$$PH_3 + HBr \rightarrow PH_4Br$$

**استعمال:** فاسفین کا ازخود احتراق کا تکنیکی استعمال ہالمے سگنلوں (Holme's Signals) میں کیا جاتا ہے۔ کیلشیم کاربائڈ اور کیلشیم فاسفائڈ کے کنٹینرز کو سمندر میں پھینکا جاتا ہے اور جب گیس خارج ہوکر جلتی ہے تو یہ سگنل کا کام کرتی ہے۔ اس کا استعمال اسموک اسکرین میں بھی کیا جاتا ہے۔

**مثال 7.6** یہ کس طرح ثابت کیا جاسکتا ہے کہ $PH_3$ کی فطرت اساسی ہے۔

**حل** $PH_3$، HI جیسے تیزابوں سے تعامل کر کے $PH_4I$ بناتی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کی فطرت اساسی ہے۔

$$PH_3 + HI \rightarrow PH_4I$$

فاسفورس ایٹم پر اکیلے جوڑے کی موجودگی کی وجہ سے $PH_3$ مذکورہ بالا تعامل میں لیوئس اساس کے طور پر کام کرتی ہے۔

### متن پر مبنی سوالات

**7.7** $PH_4^+$ میں بانڈ زاویہ $PH_3$ کے مقابلے زیادہ ہے۔ کیوں؟

**7.8** کیا ہوتا ہے جب سفید فاسفورس کو $CO_2$ کے غیر عامل کرہ باد میں مرتکز NaOH محلول کے ساتھ گرم کیا جاتا ہے؟

## 7.8 فاسفورس ہیلائڈس (Phosphours Halides)

فاسفورس دو قسم کے ہیلائڈ یعنی $PX_3$ (X = F, Cl, Br, I) اور $PX_5$ (X = F, Cl, Br) بناتا ہے۔



2019-20

© NCERT not to be republished

## 7.8.1 فاسفورس ٹرائی کلورائڈ (Phosphours Trichloride)

**تیاری**

اسے گرم سفید فاسفورس کے اوپر خشک کلورین گزار کر تیار کیا جاتا ہے۔

$$P_4 + 6Cl_2 \rightarrow 4PCl_3$$

اسے تھایونل کلورائڈ اور سفید فاسفورس کے تعامل سے بھی بنایا جاتا ہے۔

$$P_4 + 8SOCl_2 \rightarrow 4PCl_3 + 4SO_2 + 2S_2Cl_2$$

**خصوصیات**


یہ بے رنگ چکنا رقیق ہے اور نمی کی موجودگی میں ہائڈرولائز ہو جاتا ہے۔

$$PCl_3 + 3H_2O \rightarrow H_3PO_3 + 3HCl$$

یہ $CH_3COOH$، $C_2H_5OH$ جیسے OH گروپ پر مشتمل نامیاتی مرکبات سے تعامل کرتا ہے۔

$$3CH_3COOH + PCl_3 \rightarrow 3CH_3COCl + H_3PO_3$$

$$3C_2H_5OH + PCl_3 \rightarrow 3C_2H_5Cl + H_3PO_3$$




اس کی شکل پائرامڈل (Pyramidal) ہے جیسا کہ دکھایا گیا ہے، جس میں فاسفورس کی مخلوطیت $sp^3$ ہے۔

## 7.8.2 فاسفورس پینٹا کلورائڈ (Phosphorus Pentachloride)

**تیاری**

فاسفورس پینٹا کلورائڈ کو بنانے کے لیے سفید فاسفورس کا زیادہ خشک کلورین کے ساتھ تعامل کرایا جاتا ہے۔

$$P_4 + 10Cl_2 \rightarrow 4PCl_5$$

اسے فاسفورس پر $SO_2Cl_2$ کے عمل سے بھی بنایا جاتا ہے۔

$$P_4 + 10SO_2Cl_2 \rightarrow 4PCl_5 + 10SO_2$$

**خصوصیات**

$PCl_5$ ایک زردی مائل سفید پاوڈر ہے اور مرطوب ہوا میں یہ ہائڈرولائز ہوکر $POCl_3$ بناتا ہے آخیر میں فاسفورس ایسڈ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

$$PCl_5 + H_2O \rightarrow POCl_3 + 2HCl$$

$$POCl_3 + 3H_2O \rightarrow H_3PO_4 + 3HCl$$

گرم کرنے پر اس کی تصعید ہو جاتی ہے لیکن زیادہ گرم کرنے پر تحلیل ہو جاتا ہے۔

$$PCl_5 \xrightarrow{\text{Heat}} PCl_3 + Cl_2$$

یہ OH گروپ پر مشتمل نامیاتی مرکبات سے تعامل کر کے انھیں کلورو مشتق (Chloro Derivativies) میں تبدیل کر دیتا ہے۔

$$C_2H_5OH + PCl_5 \rightarrow C_2H_5Cl + POCl_3 + HCl$$


$$CH_3COOH + PCl_5 \rightarrow CH_3COCl + POCl_3 + HCl$$

باریک پاوڈر کی شکل میں دھات جب $PCl_5$ کے ساتھ تعامل کرتی ہے تو نظیری کلورائڈ حاصل ہوتے ہیں۔



2019-20

$$2Ag + PCl_5 \rightarrow 2AgCl + PCl_3$$
$$Sn + 2PCl_5 \rightarrow SnCl_4 + 2PCl_3$$




اس کا استعمال کچھ نامیاتی مرکبات کی تالیف میں کیا جاتا ہے جیسے $C_2H_5Cl$, $CH_3COCl$۔

گیس اور رقیق حالتوں میں اس کی ساخت ٹرائی گونل بائی پیراڈل ہوتی ہے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ تین خط استوائی P-Cl بانڈ معادل ہوتے ہیں جبکہ دو محوری بانڈ خط استوائی بانڈ کے مقابلے زیادہ لمبے ہوتے ہیں۔ یہ اس حقیقت کی وجہ سے ہے کہ خط استوائی بانڈ پیئر کے مقابلے محوری بانڈ پیئر پر دفع کا اثر زیادہ ہوتا ہے۔

**مثال 7.7** نمی کی موجودگی میں $PCl_3$ دھواں کیوں بن جاتا ہے؟

**حل** $PCl_3$ نمی کی موجودگی میں ہائڈرولائز ہوکر HCl کا دھواں بناتا ہے۔

$$PCl_3 + 3H_2O \rightarrow H_3PO_3 + 3HCl$$

**مثال 7.8** $PCl_5$ سالمہ میں کیا سبھی پانچوں بانڈ معادل ہیں؟ اپنے جواب کی حمایت میں جواز پیش کیجیے۔

**حل** $PCl_5$ کی ساخت ٹرائی گونل بائی پیراڈل ہوتی ہے اور تینوں خط استوائی بانڈ معادل ہوتے ہیں جبکہ دو محوری بانڈ مختلف ہوتے ہیں اور خط استوائی بانڈ کے مقابلے زیادہ لمبے ہیں۔

**متن پر مبنی سوالات**

7.9 جب $PCl_5$ کو گرم کیا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟

7.10 پانی کے ساتھ $PCl_5$ کے تعامل کی متوازن مساوات لکھیے۔

## 7.9 فاسفورس کے آکسوایسڈ (Oxoacids of Phosphorus)

فاسفورس متعدد آکسوایسڈ بناتا ہے۔ فاسفورس کے اہم آکسو ایسڈوں کے فارمولے، بنانے کے طریقے اور ان کی ساخت میں کچھ مخصوص بانڈ کی موجودگی کو جدول 7.5 میں دیا گیا ہے۔

آکسوایسڈوں کی ترکیب $H_2O$ سالمات یا O- ایٹم کے حصول یا زیادہ کے اعتبار سے ایک دوسرے سے متعلق ہیں۔ کچھ اہم آکسوایسڈوں کی ساختیں ذیل میں دی گئی ہیں۔

آکسوایسڈوں میں فاسفورس دیگر ایٹوں کے ذریعہ ٹیٹراہیڈرل انداز میں جڑا ہوتا ہے۔ یہ سبھی ایسڈ ایک P= O اور کم از کم ایک P – OH بانڈ پر مشتمل ہوتے ہیں۔ وہ آکسوایسڈ جن میں فاسفورس کی کمترین تکسیدی حالت (+5 سے کم) ہوتی ہے ان میں P = O اور P – OH بانڈ کے ساتھ ساتھ یا تو P–P (مثلاً $H_4P_2O_6$ میں) یا P – H (مثلاً $H_3PO_2$ میں) بانڈ ہوتے ہیں لیکن دونوں ایک ساتھ نہیں۔ فاسفورس کی +3 تکسیدی حالت میں یہ ایسڈ بالائی اور زیریں تکسیدی حالتوں کے تئیں غیر تناسبیت کا رجحان رکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر آرتھوفاسفورس ایسڈ (یا فاسفورس




2019-20


© NCERT not to be republished


### جدول 7.5 فاسفورس کے آکسو ایسڈ


| نام | فارمولہ | فاسفورس کی تکسیدی حالت | مخصوص بانڈ اوران کی تعداد | تیاری |
|---|---|---|---|---|
| ہائپوفاسفورس (فاسفینک) | $H_3PO_2$ | +1 | ایک P – OH<br>دو P – H<br>ایک P = O | سفید $P_4$+القلی |
| آرتھوفاسفورس (فاسفونک) | $H_3PO_3$ | +3 | دو P – OH<br>ایک P – H<br>ایک P = O | $P_2O_3 + H_2O$ |
| پائروفاسفورس | $H_4P_2O_5$ | +3 | دو P – OH<br>دو P – H<br>دو P = O | $PCl_3 + H_3PO_3$ |
| ہائپوفاسفورک | $H_4P_2O_6$ | +4 | چار P – OH<br>دو P = O<br>ایک P – P | لال $P_4$+القلی |
| آرتھوفاسفورک | $H_3PO_4$ | +5 | تین P – OH<br>ایک P = O | $P_4O_{10}$+$H_2O$ |
| پائروفاسفورک | $H_4P_2O_7$ | +5 | چار P – OH<br>دو P = O<br>ایک P – O – P | فاسفورک ایسڈ کو گرم کرکے |
| میٹافاسفورک* | $(HPO_3)_n$ | +5 | تین P – OH<br>تین P = O<br>تین P – O – P | فاسفورس ایسڈ+$Br_2$ سیل بند ٹیوب میں گرم کرکے |


* صرف پالیمرک شکل میں پایا جاتا ہے $(HPO_3)_3$ کے مخصوص بانڈ جدول میں دیے گئے ہیں۔



$H_3PO_2$
ہائپوفاسفورس ایسڈ


$H_3PO_3$
آرتھوفاسفورس ایسڈ


$H_4P_2O_7$
پائروفاسفورس ایسڈ


$H_3PO_4$
آرتھوفاسفورک ایسڈ


پالیمیٹا فاسفورک ایسڈ $(HPO_3)_n$


سائکلوٹرائی میٹا فاسفورک ایسڈ $(HPO_3)_3$

**شکل 7.4:** فاسفورس کے کچھ اہم آکسو ایسڈوں کی ساختیں

© NCERT not to be republished

ایسڈ) گرم ہوکر غیر متناسبیت کے تحت آرتھو فاسفورک ایسڈ (یا فاسفورک ایسڈ) اور فاسفین بناتا ہے۔

$$4H_3PO_3 \rightarrow 3H_3PO_4 + PH_3$$

وہ ایسڈ جن میں P – H بانڈ ہوتے ہیں مضبوط تحویلی خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں اس طرح ہائپو فاسفورس ایسڈ ایک بہتر تحویلی ایجنٹ ہے کیونکہ اس میں دو P – H بانڈ میں ہوتے ہیں مثلاً $AgNO_3$ کی کی دھاتی سلور میں تحویل کرتا ہے۔

$$4\ AgNO_3 + 2H_2O + H_3PO_2 \rightarrow 4Ag + 4HNO_3 + H_3PO_4$$

یہ P–H بانڈ $H^+$ آین بنانے کے لیے آیونائز نہیں ہوتے اور اساسیت میں کوئی رول ادا نہیں کرتے۔ صرف وہ H ایٹم جو کہ آکسیجن کے ساتھ P–OH شکل میں منسلک رہتے ہیں آیونائز ہوتے ہیں اور اساسیت کا سبب ہوتے ہیں۔ اس طرح $H_3PO_3$ اور $H_3PO_4$ بالترتیب ڈائی بیسک اور ٹرائی بیسک ہیں کیونکہ $H_3PO_3$ کی ساخت میں دو P–OH بانڈ اور $H_3PO_4$ میں تین P–OH بانڈ ہوتے ہیں۔

**مثال 7.9** $H_3PO_2$ کی ساخت کی بنیاد پر آپ اس کے تحویلی طرز عمل کو کس طرح واضح کر سکتے ہیں؟

**حل** $H_3PO_2$ میں دو H ایٹم براہ راست P ایٹم سے منسلک رہتے ہیں جس کی وجہ سے ایسڈ تحویلی خصوصیت کا حامل بن جاتا ہے۔

**متن پر مبنی سوالات**

**7.11** $H_3PO_4$ کی اساسیت کیا ہے؟

**7.12** جب $H_3PO_3$ کو گرم کیا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟

## 7.10 گروپ 16 کے عناصر (Group 16 Elements)

آکسیجن، سلفر، سیلینیم، ٹیلوریم پولونیم اور لورموریم دوری جدول کے گروپ 16 کی تشکیل کرتے ہیں۔ کبھی کبھی یہ گروپ کیلکوجن گروپ (Group of Calcogen) بھی کہلاتا ہے۔ یہ نام پیتل کے لیے یونانی زبان سے اخذ کیا گیا ہے جو کہ سلفر اور کاپر کے ساتھ اس کے (Congeners) کے اتحاد کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ زیادہ تر معدنیات آکسیجن یا سلفر پر مشتمل ہوتی ہیں اور اس گروپ کے دیگر ممبران بھی معدنیات میں کثرت سے موجود ہوتے ہیں۔

### 7.10.1 وقوع (Occurrence)

زمین پر سبھی عناصر میں آکسیجن سب سے زیادہ مقدار میں پائی جاتی ہے۔ آکسیجن کمیت کے اعتبار سے زمین کا 46.6% حصہ تشکیل دیتی ہے۔ خشک ہوا میں حجم کے اعتبار سے 20.94% آکسیجن موجود ہوتی ہے۔
تاہم، قشر ارض میں سلفر کی موجودگی صرف 0.03-0.1% ہے۔ متحد حالت میں سلفر، سلفیٹ کی شکل میں پایا جاتا ہے۔ مثلاً جپسم $CaSO_4.2H_2O$، اپسم نمک $MgSO_4.7H_2O$ بیرائٹ $BaSO_4$ اور سلفائڈ مثلاً گیلینا PbS، زنک بلینڈ ZnS، کاپر پائرائٹ $CuFeS_2$ سیلفر کی کچھ مقدار ہائڈروجن سلفائڈ کی شکل میں آتش فشانوں



© NCERT not to be republished
2019-20

میں پائی جاتی ہے۔ پروٹین، لہسن، پیاز، سرسوں، بال اور اون جیسے نامیاتی مادوں میں سلفر پایا جاتا ہے۔
سیلینیم اور ٹیلوریم بھی سلفائڈ کچ دھاتوں میں دھاتی سیلینا ئڈ اور ٹیلورائڈ کی شکل میں پائے جاتے ہیں۔
پولونیم قدرتی ماحول میں تھوریم اور یورنیم معدنیات کے زوال پذیر ماحصلات کے طور پر پایا جاتا ہے۔ یہ بہت کم مقدار میں تیار کیا جاتا ہے اور اس کی نصف زندگی بھی بہت کم ہوتی ہے۔ (ایک سیکنڈ کا بھی بہت چھوٹا حصّہ)۔اس وجہ سے Lu کی خصوصیات کا مطالعہ محدود ہو جاتا ہے۔
اس کی علامت Lu، ایٹمی عدد 116، ایٹمی کمیت 292 اور الیکٹرانی تشکل $[Rn]5f^{14}$، $6d^{10}$، $7S^{2}$، $7p^{4}$ ہے۔
لورموریم کے علاوہ گروپ 16 کے عناصر اہم ایٹمی اور طبیعی خصوصیات الیکٹرانی تشکل کے ساتھ جدول 7.6 میں دی گئی ہیں۔ ان کی کچھ ایٹمی، طبیعی اور کیمیائی خصوصیات اور ان کے رجحانات ذیل میں مذکور ہیں۔

**جدول 7.6 گروپ 16 کے عناصر کے کچھ طبیعی خصوصیات**

| خصوصیت | O | S | Se | Te | Po |
|---|---|---|---|---|---|
| ایٹمی عدد | 8 | 16 | 34 | 52 | 84 |
| ایٹمی کمیت/ $gmol^{-1}$ | 16.00 | 32.06 | 78.96 | 127.60 | 210.00 |
| الیکٹرانی تشکل | $[He]2s^22p^4$ | $[Ne]3s^23p^4$ | $[Ar]3d^{10}4s^24p^4$ | $[Kr]4d^{10}5s^25p^4$ | $[Xe]4f^{14}5d^{10}6s^26p^4$ |
| شریک گرفت نصف قطر/ (pm)[a] | 66 | 104 | 117 | 137 | 146 |
| آینی نصف قطر/ $E^{2-}$pm | 140 | 184 | 198 | 221 | 230[b] |
| الیکٹران گین اینتھالپی/ $\Delta_{eg}H$ kJmol$^{-1}$ | -141 | -200 | -195 | -190 | -174 |
| آیونائزیشن اینتھالپی $(\Delta_iH_1)$kj/mol$^{-1}$ | 1314 | 1000 | 941 | 869 | 813 |
| برقی منفیت/ g cm$^{-3}$ (298K) | 3.50 | 2.58 | 2.55 | 2.01 | 1.76 |
| کثافت/ K | 1.32[c] | 2.06[d] | 4.19[e] | 6.25 | - |
| نقطہ گداخت/ K | 55 | 393[f] | 490 | 725 | 520 |
| نقطہ جوش/ K | 90 | 718 | 958 | 1260 | 1235 |
| تکسیدی حالتیں | -2,-1,1,2 | -2,2,4,6 | -2,2,4,6 | -2,2,4,6 | 2,4 |

[a] واحد بانڈ؛ [b] تقریبی قدر؛ [c] نقطہ گداخت پر؛ [d] رھومبك سلفر؛ [e] هیكسا گونل سلیٹی؛ [f] مونو كلینك شكل ;673 K ;

* آکسیجن $OF_2$ اور $O_2F_2$ آکسیجن فلورائڈوں میں بالترتیب 2+ اور 1+ تکسیدی حالت ظاہر کرتی ہے۔

## 7.10.2 الیکٹرانی تشکل

گروپ 16 عناصر کے بیرونی شیل میں چھ الیکٹران ہوتے ہیں اور ان کا عمومی الیکٹرانی تشکل $ns^2np^4$ ہوتا ہے۔

## 7.10.3 ایٹمی اور آینی نصف قطر

شیل کی تعداد میں اضافہ ہونے کی وجہ سے گروپ میں نیچے جانے پر ایٹمی اور آینی نصف قطر میں اضافہ ہوتا ہے۔ تاہم آکسیجن کا سائز چھوٹا ہے جو کہ اس سے مستثنیٰ ہے۔

© NCERT not to be republished

### 7.10.4 آیونائزیشن اینتھالپی

گروپ میں نیچے کی طرف آیونائزیشن اینتھالپی میں کمی آتی ہے۔ سائز میں اضافے کے سبب ایسا ہوتا ہے۔ تاہم اس گروپ کے عناصر کی آیونائزیشن اینتھالپی قدریں گروپ 15 کے نظیری پیریڈ میں عناصر کی آیونائزیشن اینتھالپی قدروں کے مقابلے کم ہوتی ہیں یہ اس حقیقت پر مبنی ہے کہ گروپ 15 کے عناصر میں زائد مستحکم نصف بھرے ہوئے p اربٹل والا الیکٹرانی تشکل ہے۔

### 7.10.5 الیکٹران گین اینتھالپی

آکسیجن ایٹم کی جامع نوعیت کی وجہ سے اس کی الیکٹران گین اینتھالپی سلفر کے مقابلے کم ہے سلفر اور اس کے آگے پولونیم تک دوبارہ کم ہوتی جاتی ہے۔

### 7.10.6 برقی منفیت

فلورین کے بعد، تمام عناصر میں آکسیجن کی برقی منفیت کی قدر سب سے زیادہ ہے۔ گروپ کے اندر ایٹمی عدد میں اضافے کے ساتھ برقی منفیت میں کمی آتی ہے اس کی وجہ سے آکسیجن سے پولونیم کی طرف دھاتی خصوصیت میں اضافہ ہوتا ہے۔

**مثال 7.10**

گروپ 16 کے عناصر کی آیونائزیشن اینتھالی عام طور سے گروپ 15 کے نظیری پیریڈ کے مقابلے کم ہے۔ کیوں؟

**حل**

گروپ 15 کے عناصر کا زائد مستحکم نصف بھرے ہوئے p اربٹل والا الیکٹرانی تفکل ہونے کی وجہ سے گروپ 16 کے عناصر کے مقابلے الیکٹران نکالنے کے لیے مزید توانائی درکار ہوتی ہے۔

### 7.10.7 طبیعی خصوصیات

گروپ 16 کے عناصر کی کچھ طبیعی خصوصیات جدول 7.6 میں دی گئی ہیں۔ آکسیجن اور سلفر غیر دھات ہیں۔ سیلینیم اور ٹیلیوریم دھات نما ہیں جبکہ پولونیم دھات ہے۔ پولونیم تابکار ہے اور اس کا وقفہ حیات مختصر 13.8 دن (13.8 days) ہے۔ یہ سبھی عناصر بہروپیت کا اظہار کرتے ہیں۔ گروپ میں نیچے جانے پر ایٹمی عدد کے اضافے کے ساتھ ساتھ نقطہ گداخت اور نقطہ جوش میں اضافہ ہوتا ہے۔ آکسیجن اور سلفر کے نقطہ جوش اور نقطہ گداخت میں بہت زیادہ فرق کی وضاحت ان کی ایٹومی سٹی (Atomicity) کی بنیاد پر کی جاسکتی ہے۔ آکسیجن کا سالمہ دو ایٹمی ($O_2$) جبکہ سلفر کثیر ایٹمی ($S_8$) سالمہ ہے۔

### 7.10.8 کیمیائی خصوصیات

گروپ 16 کے عناصر متعدد تکسیدی حالتیں ظاہر کرتے ہیں (جدول 7.6) گروپ میں نیچے جانے پر 2+ تکسیدی حالت کا استحکام کم ہوتا جاتا ہے۔ پولونیم بہ مشکل ہی 2- تکسیدی حالت کو ظاہر کرتی ہے۔ کیونکہ آکسیجن کی برقی منفیت بہت زیادہ ہے اس لیے صرف یہ ہی 2- تکسیدی حالت کو ظاہر کرتی ہے سوائے $OF_2$ کے جہاں اس کی تکسیدی حالت 2+ ہے۔ گروپ کے دیگر عناصر 2+، 4+ اور 6+ تکسیدی حالتوں کو ظاہر کرتے ہیں لیکن 4+ اور 6+ عام ہیں۔ سلفر، سیلینیم اور ٹیلوریم عام طور سے آکسیجن کے ساتھ بننے والے مرکبات میں 4+ تکسیدی حالت کو ظاہر کرتے ہیں اور فلورین کے ساتھ 6+ تکسیدی حالت کو ظاہر کرتے ہیں۔ گروپ میں نیچے جانے پر 6+ تکسیدی حالت کا استحکام کم ہوتا جاتا ہے۔ اور 4+ تکسیدی حالت کے استحکام میں اضافہ ہوتا ہے۔ (جامع جفتہ اثر) 4+ اور 6+ تکسیدی حالتوں میں بندش خاص طور سے شریک گرفت ہوتی ہے۔

**آکسیجن کا بے ربط طرز عمل (Anomalous behaviour of oxygen)**

دوسرے پیریڈ میں p بلاک کے دیگر ممبران کی طرح آکسیجن کا بے ربط طرز عمل چھوٹے سائز اور زیادہ برقی منفیت کی



© NCERT not to be republished

وجہ ہے۔ چھوٹے سائز اور زیادہ برق منفیت کے اثر کی ایک مثال $H_2O$ میں مضبوط ہائڈروجن بانڈ کی موجودگی ہے جو کہ $H_2S$ میں نہیں ہے۔

آکسیجن میں d ار بٹل کی عدم موجودگی کی وجہ سے اس کی کو ویلنسی چار تک ہی محدود رہتی ہے اور عملی طور پر دو سے زیادہ شاذو نادر ہی ہوتی ہے۔ گروپ کے دیگر عناصر کے معاملہ میں ویلنس شیل میں توسیع ہو سکتی ہے اور کو ویلنسی چار سے زیادہ ہو جاتی ہے۔

(i) ہائڈروجن کے ساتھ تعاملیت (Reetivity with Hydrogen): گروپ 16 کے تمام عناصر Te, $H_2E$ (H=Se,Po) قسم کے ہائڈرائڈ بناتے ہیں۔ ہائڈرائڈ کی کچھ خصوصیات جدول 7.7 میں دی گئی ہیں۔ $H_2O$ سے $H_2Te$ تک ان کی تیزابی خصوصیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ تیزابی خصوصیت میں اضافے کی وضاحت گروپ میں نیچے جانے پر بانڈ تحلیلی توانائی (H-E) میں کمی کی بنیاد پر کی جاسکتی ہے۔ $H_2O$ سے $H_2PO$ تک ہائڈائڈ کے حرارتی استحکام میں بھی کمی آتی ہے۔ پانی کے علاوہ باقی تمام ہائڈرائڈ تحویلی خصوصیت کے حامل ہیں اور یہ خصوصیت $H_2s$ سے $H_2Te$ تک بڑھتی ہے۔

جدول 7.7 گروپ 16 کے عناصر کے ہائڈرائڈ کی خصوصیات

| خصوصیت | $H_2O$ | $H_2S$ | $H_2Se$ | $H_2Te$ |
|---|---|---|---|---|
| نقطہ گداخت/K | 273 | 188 | 208 | 222 |
| نقطہ جوش/ K | 373 | 213 | 232 | 269 |
| فاصلہ H–E/pm | 96 | 134 | 146 | 169 |
| HEH زاویہ (°) | 104 | 92 | 91 | 90 |
| $\Delta_f H/kJ\ mol^{-1}$ | –286 | –20 | 73 | 100 |
| $\Delta_{diss} H$ (H–E)/$kJ\ mol^{-1}$ | 463 | 347 | 276 | 238 |
| تحلیلی مستقلہ a آبی محلول، 298K پر | $1.8 10^{-16}$ | $1.3 10^{-7}$ | $1.3 10^{-4}$ | $2.3 10^{-3}$ |

[a] آبی محلول، 298K

(ii) آکسیجن کے ساتھ تعاملیت (Reactivity with Oxygen): یہ سبھی عناصر $EO_2$ اور $EO_3$ قسم کے آکسائڈ بناتے ہیں جہاں E = S, Se, Te Po ہے۔ اوزون ($O_3$) اور سلفر ڈائی آکسائڈ ($SO_2$) گیسیں ہیں جب کہ سیلینیم ڈائی آکسائڈ ($SeO_2$) ٹھوس ہے۔ ڈائی آکسائڈ کی تحویلی خصوصیت $SO_2$ سے $Te_2O_2$ کی طرف کم ہوتی جاتی ہے۔ $SO_2$ تحویلی ایجنٹ ہے جب کہ $TeO_2$ تکسیدی ایجنٹ ہے۔ $EO_2$ قسم کے آکسائڈوں کے علاوہ سفلر سیلینیم اور ڈیلیوریم $EO_3$ قسم کے آکسائڈ بھی بناتے ہیں مثلاً $SO_3$، $SeO_3$، $TeO_3$۔ دونوں قسم کے آکسائڈ کی تیزابی نوعیت کے ہوتے ہیں۔

(iii) ہیلوجن سے تعاملیت (Reactivity towards the Halogens): گروپ 16 کے عناصر $EX_6$، $EX_4$ اور $EX_2$ قسم کے متعدد ہیلائڈ بناتے ہیں جہاں E گروپ کا عنصر ہے اور X ہیلوجن ہے۔ ہیلائڈ کا استحکام $F^- > Cl^- > Br^- > I^-$ ترتیب میں گھٹتا ہے۔ ہیکسا ہیلائڈوں میں صرف ہیکسا فلورائڈ ہی مستحکم ہیلائڈ ہیں۔ سبھی ہیکسا فلورائڈوں کی نوعیت گیسی ہے۔ ان کی ساخت آکٹا ہیڈرل ہے۔ سلفر ہیکسا فلورائڈ $SF_6$ مستثنیٰ طور پر مستحکم ہے۔

ٹیٹرا فلورائڈوں میں $SF_4$ گیس ہے، $SeF_4$ رقیق ہے اور $TeF_4$ ٹھوس ہے ان فلورائڈوں میں $SP_3d$ ہائبریڈائزیشن ہے اور اس طرح ان کی ساخت ٹرائی گونل بائی پیرامڈل ہے جس میں ایک خط استوائی پوزیشن پر الیکٹرانوں کا لون پیئر موجود ہوتا ہے۔اس قسم کی جیومیٹری کو see-saw جیومیٹری بھی کہا جاتا ہے۔

آکسیجن کے علاوہ سبھی عناصر ڈائی کلورائڈ اور ڈائی برومائڈ بناتے ہیں۔ یہ ڈائی ہیلائڈ $Sp^3$ ہائبریڈائزیشن سے بنتے ہیں اور اسی لیے ان کی ساخت ٹیٹرا ہیڈرل ہوتی ہے۔مشہور ومعروف مونو ہیلائڈوں کی نوعیت ڈائی میرک (Dimeric) ہوتی ہے۔مثالیں ہیں: $S_2F_2$، $S_2Cl_2$، $S_2Br_2$، $Se_2\ Cl_2$ اور $Se_2\ Br_2$۔ یہ ڈائی میرک ہیلائڈ غیر تناسبیت کو ظاہر کرتے ہیں جیسا کہ ذیل میں دکھایا گیا ہے۔

$$2Se_2Cl_2 \rightarrow SeCl_4 + 3Se$$

**مثال 7.11** $H_2Te$ کے مقابلے میں $H_2S$ کم تیزابی ہے، کیوں؟

**حل** گروپ میں نیچے کی طرف بانڈ (E-H) تحلیلی توانائی میں کمی کی وجہ سے، تیزابی خصوصیت میں کمی آتی ہے۔

**متن پر مبنی سوالات**

**7.13** سلفر کے اہم ماخذ کی فہرست بنائیے؟

**7.14** گروپ 16 کے عناصر کے ہائڈرائڈوں کے حرارتی استحکام کی ترتیب لکھیے؟

**7.15** $H_2O$ رقیق اور $H_2S$ گیس کیوں ہے؟

## 7.11 ڈائی آکسیجن (Dioxygen)

**تیاری**

تجربہ گاہ میں ڈائی آکسیجن کو مندرجہ ذیل طریقوں سے تیار کیا جا سکتا ہے۔

(i) کلوریٹ، نائٹریٹ اور پرمینگنیٹ جیسے آکسیجن پر مشتمل چیزوں کو گرم کر کے

$$2KClO_3 \xrightarrow[MnO_2]{Heat} 2KCl + 3O_2$$

(ii) برقی کیمیائی سلسلہ کی نچلی دھاتوں اور کچھ دھاتوں کے اعلیٰ آکسائڈوں کی حرارتی تحلیل کے ذریعے۔

$$2Ag_2O(s) \rightarrow 4Ag(s) + O_2(g); \qquad 2Pb_3O_4(s) \rightarrow 6PbO(s) + O_2(g)$$

$$2HgO(s) \rightarrow 2Hg(l) + O_2(g)\ ; \qquad 2PbO_2(s) \rightarrow 2PbO(s) + O_2(g)$$

(iii) میگنیز ڈائی آکسائڈ اور دھاتی سفوف جیسے وسیط کے ذریعہ ہائڈروجن پر آکسائڈ تیزی کے ساتھ پانی اور ڈائی آکسیجن میں تحلیل ہو جاتی ہے۔

$$2H_2O_2(aq) \rightarrow 2H_2O(1) + O_2(g)$$

(iv) بڑے پیمانے پر اسے پانی یا ہوا سے تیار کیا جا سکتا ہے۔ پانی کی برق پاشیدگی (Hydrolysis) کے نتیجے میں کیتھوڈ پر ہائڈروجن اور انیوڈ پر آکسیجن حاصل ہوتی ہے۔صنعتی پیمانے پر ڈائی آکسیجن کو ہوا سے حاصل کیا جاتا



© NCERT not to be republished

ہے۔سب سے پہلے ہوا سے کاربن ڈائی آکسائڈ اور پانی کے ابخرات کوعلیحدہ کیا جاتا ہے اوراس کے بعد باقی ماندہ گیسوں کی اماعت کی جاتی ہے اور پھر کسری کشید کے ذریعہ ڈائی نائٹروجن اور ڈائی آکسیجن حاصل کی جاتی ہے۔

**خصوصیات**

ڈائی آکسیجن بے رنگ اور بغیر بو والی گیس ہے۔ پانی میں اس کی حل پذیری 293K پر $100cm^3$ پانی میں $3.08cm^3$ تک ہے جو کہ بحری اور آبی زندگی کی بقا کے لیے مناسب ہے۔ یہ 90K پر رقیق میں تبدیل ہوجاتی ہے اور 55K پر منجمد ہوجاتی ہے۔اس کے تین مستحکم آئسوٹوپ ہیں۔$^{16}O$، $^{17}O$ اور $^{18}O$ الیکٹرانوں کی طاق تعداد کے باوجود سالماتی آکسیجن $O_2$ پیرامقناطیسی ہے جو کہ اس کی یکتا خصوصیت ہے( کیمسٹری، کلاس XI، اکائی 4 ملاحظہ کیجیے)

چند دھاتوں (مثلاً $A_u$، Pt) اور کچھ نوبل گیسوں کو چھوڑ کر ڈائی آکسیجن باقی تمام دھاتوں اور غیر دھاتوں سے تعامل کرتی ہے۔ دیگر دھاتوں کے ساتھ اس کا اتحاد بہت زیادہ حرارت زا (Exothermic) ہوتا ہے جو کہ تعامل کو برقرار رکھنے میں معاون ہے۔ تاہم تعامل کو شروع کرنے کے لیے کچھ بیرونی حرارت درکار ہوتی ہے کیونکہ آکسیجن۔آکسیجن دوہرے بانڈ کی بانڈ تحلیلی توانائی زیادہ ($493.4KJmol^{-1}$) ہے۔

دھاتوں، غیر دھاتوں اور دیگر مرکبات کے ساتھ ڈائی آکسیجن کے تعاملات ذیل میں دیے گئے ہیں۔

$$2Ca + O_2 \rightarrow 2CaO$$

$$4Al + 3O_2 \rightarrow 2Al_2O_3$$

$$P_4 + 5O_2 \rightarrow P_4O_{10}$$

$$C + O_2 \rightarrow CO_2$$

$$2ZnS + 3O_2 \rightarrow 2ZnO + 2SO_2$$

$$CH_4 + 2O_2 \rightarrow CO_2 + 2H_2O$$

کچھ مرکبات وسیطی اعتبار سے تکسید ہوجاتے ہیں۔مثلاً

$$2SO_2 + O_2 \xrightarrow{V_2O_5} 2SO_3$$

$$4HCl + O_2 \xrightarrow{CuCl_2} 2Cl_2 + 2H_2O$$

**استعمال:** تنفس اور احتراق جیسے عام عملوں میں اس کی اہمیت کے ساتھ ساتھ آکسیجن کا استعمال آکسی ایسٹیلین ویلڈنگ میں کئی دھاتوں بالخصوص اسٹیل بنانے میں کیا جاتا ہے۔ اسپتالوں میں بہت زیادہ اونچائی پر پرواز کے دوران اور اونچے پہاڑوں پر آکسیجن کے سلینڈر کا بہت زیادہ استعمال ہے۔ایندھنوں کا احتراق مثلاً رقیق آکسیجن میں ہائڈرازین کا احتراق راکٹوں کو دھکیلنے میں اہم رول ادا کرتا ہے۔



2019-20

© NCERT not to be republished

### متن پر مبنی سوالات

**7.16** مندرجہ ذیل میں سے کون آکسیجن سے براہ راست تعامل نہیں کرتا؟

Zn, Ti, Pt, Fe

**7.17** مندرجہ ذیل تعاملات کو مکمل کیجیے۔

(i) $C_2H_4 + O_2 \rightarrow$

(ii) $4Al + 3\ O_2 \rightarrow$

## 7.12 سادہ آکسائڈ (Simple Oxides)

دیگر عناصر کے ساتھ آکسیجن کے بائنری (Binary) مرکبات آکسائڈ کہلاتے ہیں۔ جیسا کہ پہلے مذکور ہوا، آکسیجن دوری جدول کے زیادہ تر عناصر کے ساتھ تعامل کر کے آکسائڈ بناتی ہے۔ کئی معاملوں میں ایک عنصر دو یا دو سے زیادہ آکسائڈ بناتا ہے۔ آکسائڈوں کی نوعیت اور خصوصیات ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہیں۔

آکسائڈ سادہ (مثلاً $MgO$، $Al_2O_3$) یا مکسڈ (Mixed) ($Fe_3O_4$، $Pb_3O_4$) ہوسکتے ہیں۔ سادہ آکسائڈوں کی درجہ بندی ان کی تیزابی، اساسی یا ایمفوٹیر خصوصیت کی بنیاد پر کی جاسکتی ہے۔ وہ آکسائڈ جو پانی کے ساتھ تیزاب بناتا ہے تیزابی آکسائڈ کہلاتا ہے مثلاً $SO_2$، $Cl_2O_7$، $CO_2$، $N_2O_5$۔ مثال کے طور پر $SO_2$ پانی کے ساتھ تعامل کر کے $H_2SO_3$ بناتی ہے جو کہ ایک تیزاب ہے۔

$$SO_2 + H_2O \rightarrow H_2SO_3$$

عمومی قاعدے کے مطابق صرف غیر دھاتی آکسائڈ تیزابی ہوتے ہیں لیکن بہت زیادہ تکسیدی حالت میں کچھ دھاتوں کے آکسائڈ بھی تیزابی خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں۔ اساسی آکسائڈ (مثلاً $Na_2O$، $CaO$، $BaO$)

$$CaO + H_2O \rightarrow Ca(OH)_2$$

عمومی طور پر دھاتی آکسائڈ اساسی ہوتے ہیں۔

کچھ دھاتی آکسائڈ دوہرے طرز عمل کا اظہار کرتے ہیں۔ وہ تیزابی اور اساسی دونوں خصوصیات کو ظاہر کرتے ہیں۔ ایسے آکسائڈ ایمفوٹیرک آکسائڈ کہلاتے ہیں یہ تیزاب اور القلی دونوں سے تعامل کرتے ہیں۔ کچھ ایسے آکسائڈ بھی ہیں جو کہ نہ تو تیزابی ہیں اور نہ ہی اساسی۔ اس قسم کے آکسائڈ تعدیلی آکسائڈ کہلاتے ہیں۔ تعدیلی آکسائڈوں کی مثالیں ہیں $CO$، $NO$ اور $N_2O$۔ $Al_2O_3$ ایسڈ اور القلی دونوں سے تعامل کرتا ہے۔

$$Al_2O_3(s) + 6HCl(aq) + 9H_2O(l) \rightarrow 2[Al(H_2O)_6]^{3+}(aq) + 6Cl^-(aq)$$
$$Al_2O_3(s) + 6NaOH(aq) + 3H_2O(l) \rightarrow 2Na_3[Al(OH)_6](aq)$$

## 7.13 اوزون (Ozone)

اوزون، آکسیجن کی بہروپی شکل ہے۔ یہ بہت زیادہ متعامل ہے اور سطح سمندر پر کرہ باد میں زیادہ عرصے تک برقرار رہتی ہے۔ 20 کلومیٹر کی اونچائی پر یہ روشنی کی موجودگی میں کرہ باد کے آکسیجن سے بنتی ہے۔ یہ اوزون پرت سطح زمین کو الٹراوائلٹ (UV) کے بہت زیادہ ارتکاز سے محفوظ رکھتی ہے۔



2019-20
© NCERT not to be republished

**تیاری**

جب آکسیجن کی سست اور خشک دھار کو ایک خاموش برقی ڈسچارج سے گزارا جاتا ہے تو اوزون (10%) حاصل ہوتی ہے۔ ماحصل ازونائزڈ آکسیجن (Ozonised Oxygen) کہلاتا ہے۔

$$3O_2 \rightarrow 2O_3 \ \Delta H^V (298 \text{ K}) = +142 \text{ kJ mol}^{-1}$$

کیونکہ آکسیجن سے اوزون کی تشکیل ایک حرارت خور (Endothemic) عمل ہے لہٰذا اس کی تحلیل روکنے کے لیے اس کی تیاری میں خاموش برقی ڈسچارج کا استعمال ضروری ہے۔

اگر اوزون کا ارتکاز 10 فیصد سے زیادہ مطلوب ہے تو اوزونائزر (Ozoniser) کی بیٹری کا استعمال کیا جاسکتا ہے اور خالص اوزون (b.p.161.1K) رقیق آکسیجن میں رکھے ہوئے برتن میں متکثف کی جاسکتی ہے۔

**خصوصیات**

خالص اوزون ہلکے نیلے رنگ کی گیس، گہرے نیلے رنگ کا رقیق اور سیاہی مائل بنفشی ٹھوس ہے۔ اوزون کی ایک مخصوص بو ہوتی ہے اور کم ارتکاز میں نقصان دہ نہیں ہے۔ تاہم، اگر ارتکاز 100ppm سے تجاوز کر جائے تو سانس لینے میں دقت محسوس ہونے لگتی ہے جس کی وجہ سے سردرد اور متلی ہونے لگتی ہے۔

آکسیجن کی متناسبیت میں اوزون حر حرکیاتی اعتبار سے غیر متحکم ہے کیونکہ آکسیجن میں اس کی تحلیل کے نتیجے میں حرارت پیدا ہوتی ہے ($\Delta H$ منفی ہے) اور انٹراپی ($\Delta S$ مثبت ہے) میں اضافہ ہوتا ہے۔ یہ دونوں اثرات ایک دوسرے کو قوت بہم پہنچاتے ہیں۔ نتیجتاً آکسیجن میں اس کی تبدیلی کے لیے منفی گیس توانائی میں بہت زیادہ تبدیلی آتی ہے۔

اس حالت میں جب یہ Nascent Oxygen کے ایٹم خارج کرتی ہے، ($O_3 \rightarrow O_2 + O$) ایک طاقتور تکسیدی ایجنٹ کے طور پر کام کرتی ہے۔ مثلاً یہ لیڈ سلفائڈ کی لیڈ سلفیٹ میں اور آیوڈائڈ کی آیوڈین میں تکسید کرتی ہے۔

$$PbS(s) + 4O_3(g) \rightarrow PbSO_4(s) + 4O_2(g)$$

$$2I+(aq) + H_2O(l) + O_3(g) \rightarrow 2OH+(aq) + I_2(s) + O_2(g)$$

جب اوزون بوریٹ بفر سے بفر شدہ پوٹاشیم آیوڈائڈ محلول (Ph9.2) کی وافر مقدار سے تعامل کرتی ہے تو آیوڈین خارج ہوتی ہے جس کی ٹائریشن سوڈیم تھایوسلفیٹ کے معیاری محلول کے تیئں کی جاسکتی ہے۔ یہ $O_3$ گیس کے تخمینہ کا مقداری طریقہ ہے۔

تجربات سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس طرح نائٹروجن آکسائڈ (بالخصوص نائٹروجن مونو آکسائڈ) اوزون سے بہت تیزی سے تعامل کرتی ہے اور اس طرح اس بات کا امکان بڑھ جاتا ہے کہ سپرسونک جیٹ طیاروں سے خارج ہونے والے نائٹروجن آکسائڈ بالائی کرہ باد میں اوزون کے ارتکاز کو کم کردے۔


$$NO(g) + O_3(g) \rightarrow NO_2(g) + O_2(g)$$

اس اوزون پرت کو ایک اور خطرہ لاحق ہے جو کہ فری آن (Freon) کے استعمال کی وجہ سے ہے۔ فری آن کا استعمال ایروسول اسپرے اور ریفریجرینٹ میں کیا جاتا ہے۔



© NCERT not to be republished

اوزون سالمہ میں دو آکسیجن۔آکسیجن بانڈ کی لمبائیاں مماثل (128 pm) ہیں اور سالمہ زاویائی ہے جیسا کہ امید کی جاتی ہے۔جس کا بانڈ زاویہ تقریباً 117° ہے۔ یہ دو خاص شکلوں کی گمک مخلوط (resonance Hybrid) ہے۔



**استعمال:** اس کا استعمال بطور جراثیم کش، مانع تعدیہ (Disinfectant) اور پانی کو اسٹیرلائز کرنے میں کیا جاتا ہے۔اس کا استعمال تیلوں Ivory آٹا، اسٹارچ وغیرہ کی بلیچنگ میں کیا جاتا ہے۔ پوٹاشیم پرمینگنیٹ کی تیاری میں اس کا استعمال بطور تکسیدی ایجنٹ کیا جاتا ہے۔

**متن پر مبنی سوالات**

7.18 $O_3$ ایک طاقتور تکسیدی ایجنٹ کیوں ہے؟

7.19 اوزون $(O_3)$ کا مقداری تخمینہ کس طرح کیا جاتا ہے؟

## 7.14 سلفر — بہروپی شکلیں (Sulphur — Allotropic Forms)


سلفر کئی بہروپی شکلیں تشکیل دیتا ہے جن میں پیلا رہومبک (α-sulphur) اور مونو کلینک (β-sulphur) شکلیں سب سے زیادہ اہم ہیں۔ رہومبک سلفر کمرہ کے درجہ حرارت پر مستحکم ہوتا ہے جو کہ 369 K پر گرم ہو کر مونو کلینک سلفر میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

### رہومبک سلفر (α-sulphur)

یہ بہروپ پیلے رنگ کا ہوتا ہے جس کا نقطہ گداخت 385.8 K اور نوعی کثافت 2.06 ہے۔ $CS_2$ میں رول سلفر کے محلول کی تبخیر سے رہومبک سلفر کے کرسٹل بنائے جاتے ہیں۔ یہ پانی میں حل پذیر نہیں ہے لیکن بینزین، الکوحل اور ایتھر میں کچھ حد تک حل پذیر ہے۔ یہ $CS_2$ میں آسانی سے گھل جاتا ہے۔

### مونو کلینک سلفر (β-sulphur)

اس کا نقطہ گداخت 1393 K اور نوعی کثافت 1.98 ہے۔ یہ $CS_2$ میں حل پذیر ہے۔سلفر کی اس شکل کو ایک ڈش میں رہومبک سلفر کو گرم کر کے اور قشر بننے تک ٹھنڈا کر کے تیار کیا جاتا ہے۔قشر میں دو سوراخ بنائے جاتے ہیں اور باقی ماندہ محلول کو ان کے ذریعہ باہر نکال لیا جاتا ہے۔قشر کو علیحدہ کرنے پر β سلفر کے سوئی نما کرسٹل حاصل ہوتے ہیں۔ یہ 369 K کے اوپر مستحکم ہے اور اس درجہ حرارت کے نیچے α سلفر میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اس کے برعکس α سلفر 369 K سے نیچے مستحکم ہے اور اس درجہ حرارت کے اوپر β سلفر میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ 369 K پر دونوں شکلیں مستحکم ہیں۔ یہ درجہ حرارت عبوری درجہ حرارت کہلاتا ہے۔




شکل 7.5 : (a) رہومبک سلفر میں $S_6$ چھلوں اور (b) $S_6$ شکل کی ساختیں

© NCERT not to be republished

رہومبک اور مونو کلینک دونوں قسم کے سلفر میں $S_8$ سالمات ہوتے ہیں یہ $S_8$ سالمات ایک دوسرے سے منسلک ہوکر مختلف کرسٹل ساختیں تشکیل دیتے ہیں۔ دونوں شکلوں میں $S_8$ کے چھلے تاج کی شکل میں منسلک ہوتے ہیں۔ سالماتی ابعاد شکل 7.5(a) میں دیے گئے ہیں۔

گذشتہ دو دہائیوں میں ایک چھلہ میں 6-20 سلفر ایٹموں پر مشتمل سلفر کی کئی شکلیں تالیف کی گئی ہیں۔ Cyclo-$S_6$ میں، چھلہ کرسی کی شکل اختیار کر لیتا ہے اور سالماتی ابعاد شکل 7.5(b) میں دکھائے گئے ہیں۔ اونچے درجہ حرارت (~ 1000 K) پر $S_2$ ایک dominant شکل ہے اور $O_2$ کی طرح پیرا مقناطیسی (Paramagnetic) ہے۔

**مثال 7.12** سلفر کی کون سی شکل پیرا مقناطیسی طرز عمل کو ظاہر کرتی ہے؟

**حل** ابخراتی حالت میں سلفر جزوی طور پر $S_2$ سالمہ کی شکل میں ہوتا ہے جس میں $O_2$ کی طرح اینٹی بانڈنگ π اربٹل میں بغیر جوڑے کے الیکٹران ہوتے ہیں، اور یہ پیرا مقناطیسی خصوصیت کو ظاہر کرتا ہے۔

## 7.15 سلفر ڈائی آکسائڈ (Sulphur Dioxide)

جب سلفر کو ہوا یا آکسیجن میں جلایا جاتا ہے تو تھوڑی سی (6-8%) سلفر ٹرائی آکسائڈ کے ساتھ سلفر ڈائی آکسائڈ حاصل ہوتی ہے۔

$$S(s) + O_2(g) \rightarrow SO_2\,(g)$$

تجربہ گاہ میں اسے سلفائٹ کا ڈائی لیوٹ سلفیورک ایسڈ سے تعامل کرا کے تیزی سے بنایا جاسکتا ہے۔

$$SO_3^{2-}(aq) + 2H^+\,(aq) \rightarrow H_2O(l) + SO_2\,(g)$$

صنعتی طور پر اسے سلفائڈ کچ دھاتوں کی روسٹنگ کے دوران ضمنی ماحصل کے طور پر حاصل کیا جاتا ہے۔

$$4FeS_2\,(s) + 11O_2\,(g) \rightarrow 2Fe_2O_3\,(s) + 8SO_2\,(g)$$

خشک کرنے کے بعد اونچے دباؤ پر گیس کی اماعت کی جاتی ہے اور اسے اسٹیل کے سلنڈروں میں اسٹور کر لیا جاتا ہے۔

### خصوصیات

سلفر ڈائی آکسائڈ بے رنگ گیس ہے جس میں تیز بو آتی ہے۔ یہ پانی میں بہت زیادہ حل پذیر ہے۔ یہ کمرہ کے درجہ حرارت پر 2 atm دباؤ پر رقیق میں تبدیل ہوجاتی ہے اور 263 K پر ابلنے لگتی ہے۔

سلفر ڈائی آکسائڈ کو جب پانی سے گزارا جاتا ہے تو یہ سلفیورس ایسڈ کا محلول بناتی ہے۔

$$SO_2(g) + H_2O(l) \rightleftharpoons H_2SO_3(aq)$$

یہ سوڈیم ہائڈروکسائڈ محلول سے تیزی کے ساتھ تعامل کرتی ہے اور سوڈیم سلفائٹ بناتی ہے جو کہ سلفر ڈائی آکسائڈ سے مزید تعامل کر کے سوڈیم ہائڈروجن سلفائٹ بناتا ہے۔

$$2NaOH + SO_2 \rightarrow Na_2SO_3 + H_2O$$

$$Na_2SO_3 + H_2O + SO_2 \rightarrow 2NaHSO_3$$



© NCERT not to be republished
2019-20

پانی اورالقلیوں سے اس کے تعامل میں، سلفر ڈائی آکسائڈ کا طرز عمل کاربن ڈائی آکسائڈ کے مشابہ ہے۔

سلفر ڈائی آکسائڈ چارکول (جوکہ وسیط کے طور پر کام کرتا ہے) کی موجودگی میں کلورین سے تعامل کر کے سلفیورک کلورائڈ $SO_2Cl_2$ بناتی ہے۔ وینیڈیم (V) آکسائڈ وسیط کی موجودگی میں یہ آکسیجن کے ذریعہ سلفر ٹرائی آکسائڈ میں تکسید ہوجاتی ہے۔


$$SO_2(g) + Cl_2(g) \rightarrow SO_2Cl_2(l)$$

$$2SO_2(g) + O_2(g) \xrightarrow{V_2O_5} 2SO_3(g)$$

مرطوب حالت میں سلفر ڈائی آکسائڈ تحویلی ایجنٹ کے طور پر کام کرتی ہے مثال کے طور پر یہ آئرن (III) آئنوں کو آئرن (II) آئنوں میں تبدیل کردیتی ہے اور تیزابی پوٹاشیم پرمینگنیٹ (VII) محلول کا رنگ اڑا دیتی ہے۔ موخرالذکر تعامل گیس کے لیے ایک مناسب ٹیسٹ ہے۔

$$2Fe^{3+} + SO_2 + 2H_2O \rightarrow 2Fe^{2+} + SO_4^{2-} + 4H^+$$

$$5SO_2 + 2MnO_4^- + 2H_2O \rightarrow 5SO_4^{2-} + 4H^+ + 2Mn^{2+}$$



$SO_2$ کا سالمہ زاویائی ہوتا ہے۔ یہ دو مستند (Canonical) شکلوں کی گمک مخلوط ہے۔

**استعمال**: سلفر ڈائی آکسائڈ کا استعمال (i) پیٹرولیم اور چینی کی ریفائننگ میں کیا جاتا ہے۔ (ii) اون اور ریشم کی بلیچنگ میں کیا جاتا ہے۔ (iii) اینٹی کلور مانع تعدیہ اور تحفظی شے (Preservative) کے طور پر کیا جاتا ہے۔ سلفیورک ایسڈ، سوڈیم ہائڈروجن سلفائٹ اور کیلشیم ہائڈروجن سلفائٹ (صنعتی کیمیکل) کو سلفر ڈائی آکسائڈ سے بنایا جاتا ہے۔ رقیق $SO_2$ کا استعمال متعدد نامیاتی اور غیر نامیاتی کیمیکل کو حل کرنے کے لیے محلل کے طور پر کیا جاتا ہے۔

### متن پر مبنی سوالات

**7.20** جب سلفر ڈائی آکسائڈ کو Fe(III) نمک کے آبی محلول سے گزارا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟

**7.21** $SO_2$ سالمہ میں بننے والے دو S – O بانڈ کی نوعیت پر تبصرہ کیجیے۔ کیا اس سالمہ میں دونوں بانڈ مساوی ہیں؟

**7.22** $SO_2$ کی موجودگی کی شناخت کس طرح کی جاتی ہے؟

## 7.16 سلفر کے آکسوایسڈ (Oxoacids of Sulphur)

سلفر متعدد آکسوایسڈ بناتا ہے مثلاً، $H_2SO_3$، $H_2S_2O_3$، $H_2S_2O_4$، $H_2S_2O_5$، $H_2SxO_6$ (x = 2 to 5)، $H_2SO_7$، $H_2SO_8$ ان میں سے کچھ غیر مستحکم ہیں اور انھیں علیحدہ نہیں کیا جاسکتا۔ یہ اپنے آبی محلول یا اپنے نمکوں کی شکل میں جانے جاتے ہیں۔ کچھ اہم آکسوایسڈ کی ساختیں شکل 7.6 میں دکھائی گئی ہیں۔


## 7.17 سلفیورک ایسڈ (Sulphuric Acid)

سلفیورک ایسڈ، دنیا میں صنعتی کیمیکلس میں سب سے اہم کیمیکل ہے۔

سلفیورک ایسڈ کو کانٹیکٹ پراسس (Contact Process) کے ذریعہ تیار کیا جاتا ہے۔ جوکہ تین مرحلوں میں مکمل ہوتا ہے۔



© NCERT not to be republished




شکل **7.6** : سلفر کے کچھ اہم آکسوایسڈوں کی ساختیں

(i) $SO_2$ پیدا کرنے کے لیے سلفر یا سلفائڈ کچ دھاتوں کا ہوا میں احتراق

(ii) $V_2O_5$ وسیط کی موجودگی میں آکسیجن کے ساتھ تعامل کرا کر $SO_2$ کی $SO_3$ میں تبدیلی۔


(iii) $H_2SO_4$ میں $SO_3$ کا انجذاب جس سے اولیم (Oleum) یعنی $H_2S_2O_7$ حاصل ہوتا ہے۔

سلفیورک ایسڈ بنانے کے لیے فلوڈائی گرام شکل 7.7 میں دکھایا گیا ہے۔ $SO_2$ میں موجود گرد اور آرسینک مرکبات جیسی ملاوٹوں کو علیحدہ کر کے خالص بنایا جاتا ہے۔

$H_2SO_4$ کی تیاری میں کلیدی مرحلہ $V_2O_5$ وسیط کی موجودگی میں $SO_2$ کی $O_2$ کے ساتھ وسیطی تکسید ہے جس کے نتیجے میں $SO_3$ حاصل ہوتی ہے۔

$$2SO_2(g) + O_2(g) \xrightarrow{V_2O_5} 2SO_3(g) \qquad \Delta_r H^\ominus = -196.6\ kJmol^{-1}$$

یہ تعامل حرارت زا، رجعتی اور فارورڈ تعامل سے حجم میں کمی آتی ہے۔ لہٰذا زیادہ سے زیادہ پیداوار کے لیے کم درجہ حرارت اور زیادہ دباؤ موافق حالات میں لیکن درجہ حرارت بہت کم نہیں ہونا چاہیے۔ نہیں تو تعامل بہت سست ہو جائے گا۔




شکل **7.7** : سلفیورک ایسڈ کی تیاری کا فلو ڈائی گرام

© NCERT not to be republished

عملی طور پر پلانٹ کو bar 2 دباؤ اور K 70 درجہ حرارت پر جلایا جاتا ہے۔ کیٹلٹک کنورٹر سے حاصل ہونے والی $SO_3$ گیس کو $H_2SO_4$ میں جذب کرایا جاتا ہے۔ جس سے اولیم حاصل ہوتا ہے۔ اولیم کو پانی سے ڈائی لیوٹ کر کے مطلوبہ ارتکاز کا $H_2SO_4$ حاصل ہوتا ہے۔ انڈسٹری میں دو مراحل بہ یک وقت بروئے کار لائے جاتے ہیں۔ تاکہ پراسس کا تسلسل قائم رہے اور لاگت بھی کم آئے۔

$$SO_3 + H_2SO_4 \rightarrow H_2S_2O_7$$

اولیم

کانٹیکٹ پراسس کے ذریعہ تیار کیا گیا سلفیورک ایسڈ 96-98% تک خالص ہوتا ہے۔

### خصوصیات

سلفیورک ایسڈ بے رنگ، کثیف، تیل جیسا رقیق ہے جس کی نوعی کثافت K 298 پر 1.84 ہے۔ ایسڈ K 283 پر منجمد ہو جاتا ہے اور K 611 پر ابلنے لگتا ہے۔ یہ پانی میں حل ہو کر بڑی مقدار میں حرارت پیدا کرتا ہے اس لیے مرتکز سلفیورک ایسڈ سے سلفیورک ایسڈ کا محلول بناتے وقت محتاط رہنا ضروری ہے۔ مرتکز ایسڈ کو پانی میں آہستہ آہستہ ملانا چاہیے اور مسلسل ہلاتے رہنا چاہیے۔

سلفیورک ایسڈ کے کیمیائی تعاملات مندرجہ ذیل خصوصیات کا نتیجہ ہیں۔

(a) کم طیران پذیری (b) مضبوط تیزابی خصوصیت (c) پانی کے تئیں بہت زیادہ افینٹی (d) تکسیدی ایجنٹ کے طور پر کام کرنے کی اہلیت۔ آبی محلول میں سلفیورک ایسڈ دو مرحلوں میں آیونائز ہو جاتا ہے۔

$$H_2SO_4(aq) + H_2O(l) \rightarrow H_3O^+(aq) + HSO_4^-(aq);\ K_{a_1} = \text{بہت زیادہ}\ (>10)$$

$$HSO_4^-(aq) + H_2O(l) \rightarrow H_3O^+(aq) + SO_4^{2-}(aq)\ ;\ K_{a_2} = 1.2 \times 10^{-2}$$

$K_{a_1}$ کی بہت زیادہ ($K_{a_1} > 10$) کا مطلب ہے کہ $H_2SO_4$ کی $H^+$ اور $HSO_4$ آینوں میں بہت زیادہ تحلیل ہوتی ہے۔ تحلیلی مستقلہ (ka) کی قدر جتنی زیادہ ہوگی ایسڈ اتنا ہی مضبوط ہوگا۔

ایسڈ نمکوں کے دو سلسلے تشکیل دیتا ہے: نارمل سلفیٹ (جیسے سوڈیم سلفیٹ اور کاپر سلفیٹ) اور ایسڈ سلفیٹ (مثلاً سوڈیم ہائڈروجن سلفیٹ)

کم طیران پذیری کی وجہ سے سلفیورک ایسڈ کا استعمال کم طیران پذیر تیزابوں کو ان کے نظیری نمکوں سے بنانے میں کیا جا سکتا ہے۔

$$2\ MX + H_2SO_4 \rightarrow 2\ HX + M_2SO_4\ (X = F, Cl, NO_3)$$

$$(M = \text{دھات})$$

مرتکز سلفیورک ایسڈ ایک مضبوط ڈی ہائڈریٹنگ ایجنٹ ہے۔ متعدد مرطوب گیسوں کو خشک کرنے کے لیے انھیں سلفیورک ایسڈ سے گزارا جاتا ہے۔ اگرچہ گیسیں تیزاب سے تعامل نہیں کرتی ہیں سلفیورک ایسڈ نامیاتی مرکبات سے پانی کو ہٹا دیتا ہے، کاربوہائڈریٹ پر اس کا چارنگ ایکشن (Charring Action) اس بات کا ثبوت ہے۔

$$C_{12}H_{22}O_{11} \xrightarrow{H_2SO_4} 12C + 11H_2O$$



© NCERT not to be republished

گرم مرتکز سلفیورک ایسڈ ایک معتدل قسم کا مضبوط تکسیدی ایجنٹ ہے اس لحاظ سے یہ فاسفورک اور نائٹرک ایسڈ کے درمیان میں ہے۔ دھات اور غیر دھات دونوں ہی مرتکز سلفیورک ایسڈ کے ذریعہ تکسید ہوجاتی ہیں اور خود سلفیورک ایسڈ کی $SO_2$ میں تحویل ہوجاتی ہے۔

$$Cu + 2\ H_2SO_4(conc.) \rightarrow CuSO_4 + SO_2 + 2H_2O$$

$$S + 2H_2SO_4(conc.) \rightarrow 3SO_2 + 2H_2O$$

$$C + 2H_2SO_4(conc.) \rightarrow CO_2 + 2\ SO_2 + 2\ H_2O$$

**استعمال:** سلفیورک ایسڈ ایک نہایت اہم صنعتی کیمیکل ہے۔ کسی ملک کی صنعتی طاقت کا اندازہ اس ملک میں پیدا ہونے والے اور خرچ ہونے والے سلفیورک ایسڈ کی مقدار سے لگایا جا سکتا ہے۔ سینکڑوں قسم کے مرکبات بنانے میں اس کی ضرورت پڑتی ہے اور کئی صنعتی عملوں میں بھی سلفیورک ایسڈ کام میں لایا جاتا ہے۔ بڑی مقدار میں سلفیورک ایسڈ کا استعمال فرٹیلائزر (مثلاً امونیم سلفیٹ، سپر فاسفیٹ) بنانے میں کیا جاتا ہے۔ دیگر استعمال اس طرح ہیں: (a) پیٹرولیم ریفائننگ (b) رنگ، روغن اور رنگ بنانے والے ضمنی ماحصلات (c) ڈٹرجنٹ انڈسٹری (d) فلز کار عملوں (مثلاً ایمالنگ، برقی ملمع کاری (Electroplating) اور جست کاری (Galvanising) سے پہلے دھاتوں کی صفائی میں (e) اسٹوریج بیٹریاں بنانے میں (f) نائٹروسیلیولوز ماحصلات بنانے میں اور (g) تجربہ گاہ میں ریجنٹ کے طور پر

**مثال 7.13**

کیا ہوتا ہے، جب

(i) مرتکز $H_2SO_4$ کو کیلشیم فلورائڈ میں ملایا جاتا ہے۔

(ii) $SO_3$ کو پانی سے گزارا جاتا ہے۔

**حل**

(i) یہ ہائڈروجن فلورائڈ بناتا ہے۔

$$CaF_2 + H_2SO_4 \rightarrow CaSO_4 + 2HF$$

(ii) $SO_3$ یہ کو حل کر کے $H_2SO_4$ بناتا ہے۔

$$SO_3 + H_2O \rightarrow H_2SO_4$$

**متن پر مبنی سوالات**

**7.23** ایسے تین شعبوں کے نام بتائیے جہاں $H_2SO_4$ ایک اہم رول ادا کرتا ہے۔

**7.24** کائنیٹک پراسس کے ذریعہ $H_2SO_4$ کی زیادہ سے زیادہ پیداوار کے لیے شرائط لکھیے۔

**7.25** پانی میں $H_2SO_4$ کے لیے $K_{a_2} \ll K_{a_1}$ کیوں ہے؟



not to be republished © NCERT

## 7.18 گروپ 17 کے عناصر (Group17 Elements)

فلورین، کلورین، برومین، آیوڈین، ایسٹیٹائن اور ٹینیسائن (Tennessine) گروپ 17 کے عناصر ہیں انھیں مجموعی طور پر ہیلوجن (یونانی میں Helo کا مطلب ہے نمک اور Genes کا مطلب ہے پیدا ہونا یعنی سالٹ پروڈیوسر)۔ ہیلوجن بہت زیادہ تعامل پذیر غیر دھاتی عناصر ہیں۔ گروپ 1 اور 2 کے عناصر کی طرح گروپ 17 کے عناصر آپس میں بہت زیادہ یکسانیت کا اظہار کرتے ہیں۔ اتنی زیادہ یکسانیت دوری جدول کے کسی اور گروپ کے عناصر میں نہیں پائی جاتی ہے۔ مزید یہ بھی کہ ان کی طبیعی اور کیمیائی خصوصیات میں باقاعدہ ترتیب (Regular Gradation) ہے۔ ایسٹیٹائن اور ٹینیسائن تابکار عناصر ہیں۔

### 7.18.1 وقوع (Occurrence)

فلورین اور کلورین کافی مقدار میں پائی جاتی ہیں جب کہ برومین اور آیوڈین کم مقدار میں پائی جاتی ہیں۔ فلورین خاص طور سے غیر حل پذیر فلورائڈ (فلوسپار $CaF_2$، کرایولائٹ $Na_3AlF_6$) اور فلورو پیٹائٹ $3Ca_3(PO_4)_2.CaF_2$ کی شکل میں پائی جاتی ہے یہ مٹی، دریا کے پانی، پودوں، جانوروں کی ہڈیوں اور دانتوں میں بھی بہت تھوڑی مقدار میں موجود ہوتی ہے۔ سمندر کے پانی میں سوڈیم، پوٹاشیم، میگنیشیم اور کیلشیم کے کلورائڈ برومائڈ اور آیوڈائڈ موجود ہوتے ہیں لیکن سب سے زیادہ سوڈیم کلورائڈ (کمیت کے اعتبار سے 25%) پایا جاتا ہے۔ سمندر کی خشک تلچھٹ ان مرکبات پر مشتمل ہوتی ہے یعنی سوڈیم کلورائڈ اور کارنیلائٹ $KCl.MgCl_2.6H_2O$ آبی زندگی کی کئی شکلوں کے نظاموں میں آیوڈین پایا جاتا ہے۔ مثلاً متعدد سمندری ویڈ 0.5% آیوڈین پر مشتمل ہوتی ہیں اور چلی سالٹ پیٹر میں 0.2% تک سوڈیم آیوڈیٹ پایا جاتا ہے۔

گروپ 17 کے عناصر ٹینیسائن کے علاوہ، کی اہم ایٹمی اور طبیعی خصوصیات کو ان کے الیکٹرانی شکل کے ساتھ جدول 7.8 میں دیا گیا ہے۔ ٹینیسائن ایک مصنوعی تابکار عنصر ہے۔ اس کی علامت Ts ہے۔ ایٹمی عدد 117، ایٹمی کمیت 294 اور الیکٹرانی تشکل $[Rn]5f^{14},6d^{10},7s^2,7p^5$ ہے۔ اس عنصر کی بہت کم مقدار ہی بنائی جاسکتی ہے۔ اس کے علاوہ اس کی نصف زندگی بھی ملی سیکنڈ میں ہے اس وجہ سے اس کی کیمیائی خصوصیات ثابت نہیں ہوسکی ہیں۔
ایٹمی، طبیعی اور کیمیائی خصوصیات کے کچھ رجحانات ذیل میں مذکور ہیں۔

### 7.18.2 الیکٹرانی تشکل

ان سبھی عناصر کے بیرونی شیل میں سات الیکٹران ہوتے ہیں ($ns^2np^5$) اس طرح ان میں اپنے سے آگے والی نوبل گیس سے ایک الیکٹران کم ہے۔

### 7.18.3 ایٹمی اور آینی نصف قطر

از حد نیوکلیائی چارج کی وجہ سے اپنے متعلقہ پیریڈ میں ہیلوجن کے ایٹمی نصف قطر سب سے چھوٹے ہیں۔ دوسرے پیریڈ کے دیگر عناصر کی طرح فلورین کا ایٹمی نصف قطر نہایت چھوٹا ہے۔ کوانٹم شیل کی تعداد میں اضافہ کی وجہ سے فلورین سے آیوڈین تک ایٹمی اور آینی نصف قطر میں اضافہ ہوتا ہے۔

### 7.18.4 آیونائزیشن اینتھالپی

ان میں الیکٹران کو کھونے کا رجحان بہت کم ہوتا ہے۔ اس طرح ان کی آیونائزیشن اینتھالپی بہت زیادہ ہوتی ہے۔ گروپ میں نیچے جانے پر ایٹمی سائز میں اضافہ کی وجہ سے آیونائزیشن اینتھالپی میں کمی آتی جاتی ہے۔

### 7.18.5 الیکٹران گین اینتھالپی

نظیری ادوار (Periods) میں ہیلوجن کی منفی الیکٹران گین اینتھالپی سب سے زیادہ ہوتی ہے۔ یہ اس حقیقت پر مبنی ہے کہ ان عناصر کے ایٹموں میں مستحکم نوبل گیس میں الیکٹرانی تشکل کے مقابلے ایک الیکٹران کم ہوتا ہے۔ گروپ میں



2019-20

جدول 7.8 ہیلوجن کی ایٹمی اور طبعی خصوصیات

| خصوصیت | F | Cl | Br | I | At[a] |
|---|---|---|---|---|---|
| ایٹمی عدد | 9 | 17 | 35 | 53 | 85 |
| ایٹمی کمیت/$g\ mol^{-1}$ | 19.00 | 35.45 | 79.90 | 126.90 | 210 |
| الیکٹرانی تشکل | $[He]2s^2 2p$ | $[Ne]3s^2 3p^5$ | $[Ar]3d^{10}4s^2 4p^5$ | $[Kr]4d^{10}5s^2 5p^5$ | $[Xe]4f^{14}5d^{10}6s^2 6p^5$ |
| شریک گرفت نصف قطر/pm | 64 | 99 | 114 | 133 | - |
| آینی نصف قطر $X^-$/pm | 133 | 184 | 196 | 220 | - |
| آیونائزیشن اینتھالپی/$kJ\ mol^{-1}$ | 1680 | 1256 | 1142 | 1008 | - |
| الیکٹران گین اینتھالپی/$kJ\ mol^{-1}$ | 4 | 3.2 | 3.0 | 2.7 | 2.2 |
| برقی منفیت $\Delta_{Hyd}H(X^-)kJ^b\ mol^{-1}$ | 515 | 381 | 347 | 305 | - |
| | $F_2$ | $Cl_2$ | $Br_2$ | $I_2$ | - |
| نقطہ گداخت | 54.4 | 172.0 | 265.8 | 386.6 | - |
| نقطہ جوش | 84.9 | 239.0 | 332.5 | 458.2 | - |
| کثافت | 1.5(85)[c] | 1.66(203)[c] | 3.19(23)[c] | 4.94(293)[d] | - |
| فاصلہ | 143 | 199 | 228 | 266 | - |
| بانڈ تحلیل اینتھالپی | 158.8 | 242.8 | 192.8 | 151.1 | - |
| $/(kJ\ mol^{-1})\ E^V/V^e$ | 2.87 | 1.36 | 1.09 | 0.54 | |

[a] تابکار؛ [b] پالنگ پیمانہ؛ [c] درجہ حرارت (k) پر رقیق کے لیے قوسین میں دیا گیا ہے؛ [d] ٹھوس؛ [e] نصف سیل تعامل $X_2(g) + 2e^- \rightarrow 2X^-(aq)$

سے کم ہے۔فلورین ایٹم کا سائز چھوٹا ہونے کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے۔نتیجتاً فلورین کے نسبتاً چھوٹے 2p اربٹل میں بہت زیادہ انٹرالیکٹرانک ریلیژن ہوتا ہے اور اس طرح اندر آنے والے الیکٹران بہت زیادہ کشش محسوس نہیں کرتے۔

### 7.18.6 برقی منفیت

ان کی برقی منفیت بہت زیادہ ہوتی ہے۔گروپ میں نیچے کی طرف برقی منفیت گھٹتی جاتی ہے۔دوری جدول میں فلورین سب سے زیادہ برقی منفی عنصر ہے۔

**مثال 7.4**

دوری جدول کے متعلقہ ادوار میں ہیلوجن کی منفی الیکٹران گین اینتھالپی سب سے زیادہ ہے۔کیوں؟

**حل**

اپنے متعلقہ ادوار میں ہیلوجن کا سائز سب سے چھوٹا ہے اور اسی وجہ سے بہت زیادہ موثر نیوکلیائی چارج ہوتا ہے۔نتیجتاً یہ نوبل گیس تشکل اختیار کرنے کے لیے بہت تیزی سے ایک الیکٹران حاصل کر لیتے ہیں۔

### 7.18.7 طبعی خصوصیات (Physical Properties)

ہیلوجن کی طبعی خصوصیات میں ایک ہموار تغیر پایا جاتا ہے۔فلورین اور کلورین گیسیں ہیں، برومین رقیق ہے اور آیوڈین ٹھوس ہے۔ایٹمی عدد میں اضافہ کے ساتھ ان کے نقطہ گداخت اور نقطہ جوش میں مستقل اضافہ ہوتا ہے۔تمام ہیلوجن

© NCERT not to be republished

رنگین ہیں۔ مرئی خطہ میں اشعاع کے انجذاب کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے جس کے نتیجے میں بیرونی الیکٹران اونچی توانائی کے لیول مشتعل ہوجاتے ہیں۔ اشعاع کا مختلف کوانٹا جذب کرکے یہ مختلف رنگ ظاہر کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر $F_2$ کا رنگ زرد، $Cl_2$ کا سبز مائل زرد، $Br_2$ کا سرخ اور $I_2$ کا رنگ بینگنی (بنفشی) ہوتا ہے۔فلورین اورکلورین پانی سے تعامل کرتے ہیں۔ برومین اور آیوڈین پانی میں بہت کم حل پذیر ہیں لیکن کلورو فارم، کاربن ٹیٹرا کلورائڈ، کاربن ڈائی سلفائڈ اور ہائڈرو کاربن جیسے متعدد نامیاتی محللوں میں حل پذیر ہیں اور رنگین محلول بناتے ہیں۔

جدول 7.8 سے ہم ایک حیرت انگیز بے قاعدگی نوٹ کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ $Cl_2$ کے مقابلے $F_2$ کی تحلیل کی اینتھالپی کم ہے جب کہ کلورین سے آگے کی طرف X-X بانڈ تحلیل اینتھالپی میں متوقع رجحان دیکھا جاسکتا ہے یعنی Cl – Cl > Br – Br > I – I سالمہ کے لون پیئر میں الیکٹران۔الیکٹران دفع نسبتاً زیادہ ہونے کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے۔ جہاں پر $Cl_2$ کے مقابلے ایک دوسرے کے زیادہ نزدیک ہیں۔

**مثال 7.15**

حالانکہ فلورین کی الیکٹران گین اینتھالپی کلورین کے مقابلے کم ہے مگر کلورین کے مقابلے فلورین ایک مضبوط تکسیدی ایجنٹ ہے۔ کیوں؟

**حل**

یہ اس وجہ سے ہے

(i) F-F بانڈ کی کم تحلیل اینتھالپی (جدول 7.8)۔

(ii) -F کی زیادہ ہائڈریشن اینتھالپی (جدول 7.8)

### 7.18.8 کیمیائی خصوصیات (Chemical Properties)

**تکسیدی حالتیں اور کیمیائی تعاملیت کے رجحانات**

تمام ہیلوجن (1-) تکسیدی حالت کو ظاہر کرتے ہیں۔ تاہم کلورین، برومین اور آیوڈین 1+، 3+، 5+ اور 7+ تکسیدی حالتوں کو بھی ظاہر کرتے ہیں جیسا کہ ذیل میں واضح کیا گیا ہے۔

| | ns | np | nd | |
|---|---|---|---|---|
| اسٹیٹ گراؤنڈ میں ہیلوجن ایٹم (فلورین کے علاوہ) | ↑↓ | ↑↓ ↑↓ ↑ | | 1+ یا 1– تکسیدی حالت کے لیے بغیر جوڑے کا ایک الیکٹران ذمہ دار ہے |
| پہلی مشتعل حالت | ↑↓ | ↑↓ ↑ ↑ | ↑ | 3+ تکسیدی حالت کے لیے 3 بغیر جوڑے کے الیکٹران ذمہ دار ہیں |
| دوسری مشتعل حالت | ↑↓ | ↑ ↑ ↑ | ↑ ↑ | 5+ تکسیدی حالت کے لیے 5 بغیر جوڑے کے الیکٹران ذمہ دار ہیں |
| تیسری مشتعل حالت | ↑↓ | ↑ ↑ ↑ | ↑ ↑ ↑ | 7+ تکسیدی حالت کے 7 بغیر جوڑے کے الیکٹران ذمہ دار ہیں |

کلورین، برومین اور آیوڈین کی اونچی تکسیدی حالتوں کا اندازہ اس وقت ہوتا ہے جب ہیلوجن کم اور بہت زیادہ برق منفی فلورین اور آکسیجن ایٹموں کے ساتھ متحد ہوتی ہیں مثلاً انٹر ہیلو جنوں میں، آکسائڈ اور آکسوائڈ میں 4+ اور 6+ تکسیدی حالتیں کلورین اور برومین کے آکسائڈ اور آکسوائڈ میں پائی جاتی ہیں۔فلورین ایٹم کے ویلنس

© NCERT not to be republished

شیل میں کوئی بھی d الیکٹران نہیں ہوتا اور اسی لیے اپنے آکٹیٹ میں توسیع نہیں کرسکتا۔ سب سے زیادہ برقی منفی ہونے کی وجہ سے یہ صرف 1- تکسیدی حالت کو ظاہر کرتا ہے۔

سبھی ہیلوجن بہت زیادہ تعامل پذیر ہیں۔ یہ دھات اور غیر دھات دونوں کے ساتھ تعامل کر کے ہیلائڈ بناتے ہیں۔ ہیلوجن کی تعاملیت گروپ میں نیچے کی طرف گھٹتی ہے۔

الیکٹرانوں کا بہت تیزی سے حصول کے پیچھے ہیلوجن کی مضبوط تکسیدی نوعیت کارفرما ہے۔ $F_2$ مضبوط ترین تکسیدی ہیلوجن ہے اور یہ دیگر ہیلائڈوں کی محلول ہیں اور یہاں تک کہ ٹھوس حالت میں تکسید کر دیتی ہے۔ عمومی طور پر ایک ہیلوجن زیادہ ایٹمی عدد والے ہیلائڈ آینوں کی تکسید کرتا ہے۔

$$F_2 + 2X^- \rightarrow 2F^- + X_2 \ (X = Cl, Br \text{ or } I)$$

$$Cl_2 + 2X^- \rightarrow 2Cl^- + X_2 \ (X = Br \text{ or } I)$$

$$Br_2 + 2I^- \rightarrow 2Br^- + I_2$$

آبی محلول میں ہیلوجن کی تکسیدی اہلیت گروپ میں نیچے جانے پر گھٹتی ہے جس کا ثبوت ان کے معیاری الیکٹروڈ مضمر ہیں (جدول 7.8) جو کہ مندرجہ ذیل پیرامیٹر پر منحصر ہیں۔

$$\frac{1}{2}X_2(g) \xrightarrow{1/2\ \Delta_{diss}H^\ominus} X(g) \xrightarrow{\Delta_{eg}H^\ominus} X^-(g) \xrightarrow{\Delta_{hyd}H^\ominus} X^-(aq)$$

ہیلوجنوں کی نسبتی تکسیدی پاور کی مزید وضاحت پانی کے ساتھ ان کے تعامل کے ذریعہ کی جاسکتی ہے۔ فلورین، پانی کی آکسیجن میں تکسید کرتی ہے۔ جب کہ کلورین اور برومین پانی سے تعامل کر کے نظیری ہائڈروفیلک اور ہائڈروفیلس ایسڈ بناتے ہیں۔ پانی کے ساتھ آیوڈین کا تعامل از خود نہیں ہے۔ درحقیقت، تیزابی میڈیم میں آکسیجن کے ذریعہ $I^-$ کی تکسید ہوتی ہے جو کہ فلورین کے ساتھ ہونے والے تعامل کے ٹھیک برعکس ہے۔

$$2F_2(g) + 2H_2O(l) \rightarrow 4H^+(aq) + 4F^-(aq) + O_2(g)$$

$$X_2(g) + H_2O(l) \rightarrow HX(aq) + HOX(aq)$$

(where X = Cl or Br)

$$4I^-(aq) + 4H^+(aq) + O_2(g) \rightarrow 2I_2(s) + 2H_2O(l)$$

### فلورین کا بے ربط طرز عمل (Anomalous behavior of Fluorine)

دوری جدول کے دوسرے پیریڈ میں موجود p بلاک کے دیگر عناصر کی طرح فلورین کئی بے ربط خصوصیات کو ظاہر کرتی ہے۔ مثال کے طور پر فلورین کی آیونائزیشن اینتھالپی، برقی منفیت، بانڈ تحلیل کی اینتھالپی اور الیکٹروڈ مضمر توانائی دیگر ہیلوجن کے متوقع رجحانات کے مقابلے زیادہ ہیں۔ اس کے علاوہ آینی اور شریک گرفت نصف قطر، نقطہ گداخت اور نقطہ جوش نیز الیکٹران گین اینتھالپی توقع سے کافی کم ہے۔ فلورین کے بے ربط طرز عمل کی وجہ اس کا چھوٹا سائز، بہت زیادہ برقی منفیت، کم F-F بانڈ تحلیل اینتھالپی اور ویلنس شیل میں d اربٹل کی عدم دستیابی ہے۔

فلورین کے زیادہ تر معاملات حرارت زا ہیں (کیونکہ یہ دوسرے عناصر کے ساتھ چھوٹے اور مضبوط بانڈ بناتی ہے) یہ صرف ایک آکسوایسڈ بناتی ہے جب کہ دیگر ہیلوجن متعدد آکسوایسڈ بناتے ہیں۔ مضبوط ہائڈروجن بندش کی وجہ سے ہائڈروجن فلورائڈ رقیق (b.p. 293K) ہے۔ HF میں ہائیڈروجن گرفت بنتی ہے کیوں کہ فلورین کی



© NCERT not to be republished

جسامت بہت چھوٹی اور برقی منفیت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ دیگر ہائڈروجن ہیلائڈ گیسیں جن کی جسامت بڑی اور برق منفیت کم ہوتی ہے گیسیں ہیں۔

(i) ہائڈروجن کے تئیں تعاملیت: سبھی ہیلوجن ہائڈروجن سے تعامل کر کے ہائڈروجن ہیلائڈ بناتے ہیں لیکن ہائڈروجن کے تئیں افینٹی فلورین سے آیوڈین تک کم ہوتی جاتی ہے۔ یہ پانی میں حل ہوکر ہائڈروہیلک ایسڈ بناتے ہیں۔ ہائڈروجن ہیلائڈوں کی کچھ خصوصیات جدول 7.9 میں دی گئی ہیں۔ ان تیزابوں کی تیزابی قوت کی متنوع ترتیب اس طرح ہے: H–F > H–Cl > H–Br > H–I گروپ میں نیچے جانے پر ان ہیلائڈوں کے استحکام میں کمی آتی ہے کیونکہ بانڈ (H-X) تحلیل اینتھالپی H–F > H–Cl > H–Br > H–I کی ترتیب میں گھٹتی ہے۔

جدول 7.9 ہائڈروجن ہیلائڈوں کی خصوصیات

| خصوصیت | HF | HCl | HBr | HI |
|---|---|---|---|---|
| نقطہ گداخت/K | 190 | 159 | 185 | 222 |
| نقطہ جوش/K | 293 | 189 | 206 | 238 |
| بانڈ کی لمبائی (H-X)/pm | 91.7 | 127.4 | 141.4 | 160.9 |
| $\Delta_{diss}H^{\ominus}$ /kJ mol$^{-1}$ | 574 | 432 | 363 | 295 |
| $pK_a$ | 3.2 | -7.0 | -9.5 | -10.0 |

(ii) آکسیجن کے تئیں تعاملیت: ہیلوجن، آکسیجن کے ساتھ متعدد آکسائڈ بناتے ہیں لیکن ان میں سے زیادہ تر غیر مستحکم ہیں۔ فلورین دو آکسائڈ $OF_2$ اور $O_2F_2$ بناتی ہے۔ تاہم صرف $OF_2$ ہی 298K پر مستحکم ہے۔ یہ آکسائڈ لازمی طور پر آکسیجن فلورائڈ ہیں کیونکہ فلورین کی برقی منفیت آکسیجن کے مقابلے زیادہ ہے۔ دونوں ہی مضبوط فلورینٹنگ ایجنٹ ہیں۔ $O_2F_2$، پلوٹو نیم کی $PuF_6$ میں تکسید کرتا ہے اور استعمال شدہ نیوکلیائی ایندھن سے $PuF_6$ کو علیحدہ کرنے کے لیے اس تعامل کا استعمال کیا جاتا ہے۔

کلورین، برومین اور آیوڈین آکسائڈ بناتے ہیں جن میں ان ہیلوجنوں کی تکسیدی حالتیں 1+ سے 7+ تک ہوتی ہیں حرکیاتی اور حرحرکیاتی عوامل مجموعی طور سے ہیلوجنوں کے ذریعہ بننے والے آکسائڈوں کے استحکام کی گھٹتی ہوئی ترتیب I > Cl > Br کی تعیم کی طرف رہنمائی کرتے ہیں۔ آیوڈین کے آکسائڈ کی اعلیٰ مستقلی کی وجہ آیوڈین اور آکسیجن کے درمیان بننے والی گرفت کی اعلیٰ تقطیبیت ہے۔ کلورین کے معاملے میں کلورین اور آکسیجن کے درمیان کثیر گرفت بنتے ہیں کیوں کہ اس کے پاس d آربٹل دستیاب ہیں۔ اس کی وجہ سے استحکام بڑھ جاتا ہے۔ برومین میں دونوں خصوصیات کی کمی ہوتی ہے لہٰذا برومین کے آکسائڈ کا استحکام سب سے کم ہوتا ہے۔ ہیلوجن کے نسبتاً اونچے آکسائڈوں میں نچلے آکسائڈوں کے مقابلے زیادہ استحکام کا رجحان ہوتا ہے۔

کلورین آکسائڈ $Cl_2O$، $ClO_2$، $Cl_2O_6$، اور $Cl_2O_7$ بہت زیادہ متعامل تکسیدی ایجنٹ ہیں اور دھماکہ کا رجحان ظاہر کرتے ہیں۔ $ClO_2$ کا استعمال کاغذ کی لگدی اور ٹیکسٹائل نیز واٹر ٹریٹمنٹ میں بلیچنگ ایجنٹ کے طور پر کیا جاتا ہے۔


2019-20

برومین آکسائڈ $Br_2O$، $BrO_2$، $BrO_3$ کمترین مستحکم ہیلوجن آکسائڈ ہیں (وسطی قطار بے قاعدگی) اور صرف کم درجۂ حرارت پر ہی پائے جاتے ہیں یہ بہت مضبوط تکسیدی ایجنٹ ہیں۔

آیوڈائڈ آکسائڈ $I_2O_4$، $I_2O_5$، $I_2O_7$ غیر حل پذیر ٹھوس ہیں اور گرم کرنے پر تحلیل ہوجاتے ہیں۔ $I_2O_5$ بہت اچھا تکسیری ایجنٹ ہے اور اس کا استعمال کاربن مونو آکسائڈ کے تخمینہ میں کیا جاتا ہے۔

(iii) دھاتوں کے تئیں تعاملیت (Reactivity towards metals) ہیلوجن دھاتوں کے ساتھ تعامل کرکے دھاتی ہیلائڈ بناتے ہیں مثلاً برومین، میگنیشم کے ساتھ تعامل کرکے میگنیشم برومائڈ بناتی ہے۔

$$Mg(s) + Br_2(l) \rightarrow MgBr_2(s)$$

ہیلائڈوں کی آئنی خصوصیت میں کمی کی ترتیب $MF > MBr > MCl$ ہے جہاں M یک گرفت دھات ہے۔ اگر دھات ایک سے زیادہ تکسیدی حالتیں ظاہر کرتی ہے تو اونچی تکسیدی حالت میں ہیلائڈ کم تکسیدی حالت کے مقابلے زیادہ شریک گرفتی ہوتے ہیں۔ مثلاً $SnCl_4$، $PbCl_4$، $SbCl_5$ اور $UF_6$ بالترتیب $SnCl_2$، $PbCl_2$، $SbCl_3$ اور $UF_4$ کے مقابلے زیادہ شریک گرفت ہیں

(iv) ہیلوجنوں کی دیگر ہیلوجنوں کے تئیں تعاملیت (Reactivity of Halogens towards other Halogens) ہیلوجن، خود اپنے آپ سے تعامل کرکے متعدد مرکبات بناتے ہیں۔ جنھیں $XX'$، $XX'_3$، $XX'_5$ اور $XX'_7$ قسم کے انٹرہیلوجن کہا جاتا ہے۔ جہاں X بڑے سائز کا ہیلوجن ہے اور X' نسبتاً چھوٹے سائز کا ہیلوجن ہے۔

**مثال 7.16**

فلورین صرف 1- تکسیدی حالت کو ظاہر کرتی ہے جب کہ دیگر ہیلوجن 1+، 3+، 5+ اور 7+ تکسیدی حالتوں کو ظاہر کرتے ہیں۔ تشریح کیجیے۔

**حل**

فلورین سب سے زیادہ برقی منفی عنصر ہے اور کوئی بھی مثبت تکسیدی حالت ظاہر نہیں کرسکتا ہے۔ دیگر ہیلوجنوں کے پاس d ارbٹل موجود ہے اس لیے وہ اپنے آکٹیٹ میں توسیع کرسکتے ہیں اور 1+، 3+، 5+ نیز 7+ تکسید حالتوں کو بھی ظاہر کرتے ہیں۔

**متن پر مبنی سوالات**

**7.26** بانڈ تحلیلی اینتھالپی، الیکٹران گین اینتھالپی اور ہائڈریشن اینتھالپی جیسے پیرا میٹر کے مدنظر $F_2$ اور $Cl_2$ کی تکسیدی طاقت کا موازنہ کیجیے:

**7.27** فلورین کے بے ربط طرزِ عمل کو ظاہر کرنے کے لیے دو مثالیں دیجیے۔

**7.28** سمندر کچھ ہیلوجنوں کا اہم ماخذ ہے۔ تبصرہ کیجیے۔

## 7.19 کلورین (Chlorine)

کلورین کی کھوج 1774 میں شیلے (Scheele) کے ذریعہ $MnO_2$ پر HCl کے عمل کے ذریعہ کی گئی۔ 1810 میں ڈیوی نے اس کی ابتدائی نوعیت کا تعین کیا اور اس کے رنگ کی بنیاد پر اس کا نام کلورین تجویز کیا (یونانی



2019-20
© NCERT not to be republished

میں Chloros کا مطلب ہے سبز مائل زرد)

**تیاری**

اسے مندرجہ ذیل کسی بھی طریقے سے بنایا جاسکتا ہے۔

(i) مینگنیز ڈائی آکسائڈ کو مرتکز ہائڈروکلورک ایسڈ کے ساتھ گرم کرکے

$$MnO_2 + 4HCl \rightarrow MnCl_2 + Cl_2 + 2H_2O$$

تاہم، HcI کی جگہ کھانے کا نمک اور مرتکز $H_2SO_4$ کے آمیزہ کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔

(ii) پوٹاشیم پرمینگنیٹ پر HcI کے عمل سے

$$2KMnO_4 + 16HCl \rightarrow 2KCl + 2MnCl_2 + 8H_2O + 5Cl_2$$

**کلورین کی مینو فیکچرنگ(صنعتی طور پر تیاری)**

(i) ڈیکن پراسس (Deacon's Process): 723K پر $CuCl_2$ (وسیط) کی موجودگی میں کرہ باد کی آکسیجن کے ذریعہ ہائڈروجن کلورائڈ کی تکسید ہے۔

$$4HCl + O_2 \xrightarrow{CuCl_2} 2Cl_2 + 2H_2O$$

(ii) الیکٹرولائٹک پراسس (Elecrolytic Process): کلورین کو برائن (مرتکز NaCl محلول) کر برق پاشیدگی(Electrolysis) کے ذریعہ بنایا جاتا ہے۔ کلورین اینوڈ پر خارج ہوتی ہے۔ اسے کئی کیمیائی صنعتوں میں ضمنی ماحصل کے طور پر بھی حاصل کیا جاتا ہے۔

**خصوصیات**

یہ سبز مائل زرد گیس ہے جس میں سے تیکھی بو آتی ہے۔ یہ ہوا سے 2-5 گنا بھاری ہے۔ اسے بآسانی سبز مائل زرد رقیق میں تبدیل کیا جاسکتا ہے جو کہ 239K پر ابلتا ہے۔ یہ پانی میں حل پذیر ہے۔

کلورین متعدد دھاتوں اور غیر دھاتوں سے تعامل کرکے کلورائڈ بناتی ہے۔

$2Al + 3Cl_2 \rightarrow 2AlCl_3;$ $P4 + 6Cl_2 \rightarrow 4PCl_3$

$2Na + Cl_2 \rightarrow 2NaCl;$ $S_8 + 4Cl_2 \rightarrow 4S_2Cl_2$

$2Fe + 3Cl_2 \rightarrow 2FeCl_3;$

یہ ہائڈروجن کے تئیں بہت زیادہ افینٹی رکھتی ہے۔ یہ ہائڈروجن پر مشتمل مرکبات سے تعامل کرکے HcI بناتی ہے۔

$$H_2 + Cl_2 \rightarrow 2HCl$$
$$H_2S + Cl_2 \rightarrow 2HCl + S$$
$$C_{10}H_{16} + 8Cl_2 \rightarrow 16HCl + 10C$$

ٹھنڈے اور ڈائی لیوٹ القلیوں کے ساتھ کلورین، کلورائڈ اور ہائپوکلورائٹ کا آمیزہ بناتی ہے لیکن گرم اور مرتکز القلیوں کے ساتھ یہ کلورائڈ اور کلوریٹ بناتی ہے۔

$$2NaOH + Cl_2 \rightarrow NaCl + NaOCl + H_2O$$

(ٹھنڈا اور ڈائی لیوٹ)



© NCERT not to be republished

$$6\,NaOH + 3Cl_2 \rightarrow 5NaCl + NaClO_3 + 3H_2O$$
(گرم اور مرتکز)

خشک بجھے چونے کے ساتھ یہ بلیچنگ پاؤڈر بناتی ہے۔

$$2Ca(OH)_2 + 2Cl_2 \rightarrow Ca(OCl)_2 + CaCl_2 + 2H_2O$$

بلیچنگ پاؤڈر کی ترتیب $Ca(OCl)_2.CaCl_2.Ca(OH)2.2H_2O$ ہے۔

کلورین، ہائڈروکاربنوں کے ساتھ تعامل کر کے بدل ماحصلات (Substituition Product) بناتی ہے جو کہ ہائڈروکاربنوں سے سیر ہوتے ہیں اور غیر سیر شدہ ہائڈروکاربنوں کے ساتھ جمع ماحصلات (Addition Products) بنتے ہیں۔

$$CH_4 + Cl_2 \quad CH_3Cl + HCl$$
میتھائل کلورائڈ اتھین

$$C_2H_4 + Cl_2$$ کمرہ کے درجۂ

$$C_2H_2Cl_2$$ حرارت پر

کلورین پانی کو یوں ہی رکھا رہنے دیں تو HCl اور HOCL بننے کی وجہ سے اس کا زرد رنگ غائب ہو جاتا ہے۔ اسی طرح بننے والا ہائپوکلورس ایسڈ (HOCL) Nascent آکسیجن فراہم کرتا ہے جو کہ کلورین کی بلیچنگ اور تکسیدی خصوصیات کے لیے ذمہ دار ہے۔

(i) کلورین فیرس کی فیرک میں، سلفائٹ کی سلفیٹ میں، سلفر ڈائی آکسائڈ کی سلفیورک ایسڈ میں اور آیوڈین کی آیوڈک ایسڈ میں تکسید کرتی ہے۔

$$2FeSO_4 + H_2SO_4 + Cl_2 \rightarrow Fe_2(SO4)_3 + 2HCl$$
$$Na_2SO_3 + Cl_2 + H_2O \rightarrow Na_2SO_4 + 2HCl$$
$$SO_2 + 2H_2O + Cl_2 \rightarrow H_2SO_4 + 2HCl$$
$$I_2 + 6H_2O + 5Cl_2 \rightarrow 2HIO_3 + 10HCl$$

(ii) کلورین ایک طاقتور بلیچنگ ایجنٹ ہے، بلیچنگ ایکشن کا سبب تکسید ہے۔
یہ نمی کی موجودگی میں نباتاتی یا نامیاتی مادہ کو بلیچ کر دیتی ہے۔کلورین کا بلیچنگ اثر مستقل ہے۔

$$Cl_2 + H_2O \rightarrow 2HCl + O$$
بے رنگ شے $\rightarrow$ O+رنگین شے

**استعمال:** اس کا استعمال (i) کاغذ کی لگدی (کاغذ اور رے رین بنانے کے لیے درکار) کی بلیچنگ میں، کپاس اور ٹیکسٹائل کی بلیچنگ میں (ii) گولڈ اور پلیٹنم کے استخراج میں (iii) رنگ، دوائیں اور DDT، $CHCl_3$، $CCl_4$، ریفریجرنیٹ وغیرہ جیسے نامیاتی مرکبات بنانے میں (iv) پینے کے پانی کو اسٹیریلائز کرنے (v) فاسفین ($COCl_2$)، آنسو گیس ($CCl_3NO_2$)، مسٹرڈ گیس ($ClCH_2CH_2SCH_2CH_2Cl$) جیسی زہریلی گیسوں کو بنانے میں کیا جاتا ہے۔



© NCERT not to be republished

**مثال 7.17** کلورین اور گرم مرتکز NaOH کے درمیان ہونے والے تعامل کی متوازن کیمیائی مساوات لکھیے۔ کیا یہ تعامل ایک غیر متناسبیت تعامل ہے؟ جواز پیش کیجیے۔

**حل**

$$3Cl_2 + 6NaOH \rightarrow 5NaCl + NaClO_3 + 3H_2O$$

جی ہاں، کلورین کی تکسیدی حالت صفر سے 1- اور 5+ تک تبدیل ہوتی ہے۔

**متن پر مبنی سوالات**

7.29 $Cl_2$ کے بلیچنگ ایکشن کی وجہ بتائیے

7.30 ایسی دو زہریلی گیسوں کے نام بتائیے جو کلورین سے تیار کی جاسکتی ہیں۔

## 7.20 ہائڈروجن کلورائڈ (Hydrogen Chloride)

اس ایسڈ کو گلوبر (Glauber) نے 1648 میں کھانے کے نمک کو مرتکز سلفیورک ایسڈ کے ساتھ گرم کرکے بنایا تھا۔ 1810 میں ڈیوی نے بتایا کہ ہائڈروجن اور کلورین کا مرکب ہے۔

### تیاری (Preparation)

تجربہ گارہ میں اسے سوڈیم کلورائڈ کو مرتکز سلفیورک ایسڈ کے ساتھ گرم کرکے بنایا جاتا ہے۔

$$Na_2SO_4 + HCl \xrightarrow{823\,K} NaHSO_4 + NaCl$$

$$NaHSO_4 + HCl \xrightarrow{420\,K} NaCl + H_2SO_4$$

HCl گیس کو مرتکز سلفیورک ایسڈ سے گزار کر خشک کیا جاسکتا ہے۔

### خصوصیات

یہ ایک بے رنگ اور تیکھی بو والی گیس ہے۔ اسے بآسانی بے رنگ رقیق (b.p.189K) میں تبدیل کیا جاسکتا ہے اور یہ سفید کرسٹلی ٹھوس (F.P.159K) میں منجمد کی جاسکتی ہے۔

$$HCl(g) + H_2O(l) \rightarrow H_3O^+(aq) + Cl^-(aq) \quad K_a = 10^7$$

یہ ایک آبی محلول ہے اور اسے ہائڈروکلورک ایسڈ کہتے ہیں۔ تحلیلی مستقلہ (Ka) کی بہت زیادہ قدر اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ یہ پانی میں بہت مضبوط ایسڈ ہے۔ یہ $NH_3$ سے تعامل کرکے $NH_4Cl$ کا سفید دھواں پیدا کرتا ہے۔

$$NH_3 + HCl \rightarrow NH_4Cl$$

جب تین حصے مرتکز HCl اور ایک حصہ مرتکز $HNO_3$ کی آمیزش کی جاتی ہے تو ایکوا رجیا (Aqua Regia) حاصل ہوتا ہے جس کا استعمال سونا، پلیٹنم جیسی نوبل دھاتوں کو حل کرنے میں کیا جاتا ہے۔

$$Au + 4H^+ + NO_3^- + 4Cl^- \rightarrow AuCl_4^- + NO + 2H_2O$$

$$3Pt + 16H^+ + 4NO_3^- + 18Cl^- \rightarrow 3PtCl_6^{2-} + 4NO + 8H_2O$$

ہائڈروکلورک ایسڈ، کمزور ایسڈوں کے نمکوں جیسے کہ کاربونیٹ، ہائڈروجن کاربونیٹ سلفائٹ وغیرہ کی تحلیل کردیتا ہے۔



2019-20

$$Na_2CO_3 + 2HCl \rightarrow 2NaCl + H_2O + CO_2$$

$$NaHCO_3 + HCl \rightarrow NaCl + H_2O + CO_2$$

$$Na_2SO_3 + 2HCl \rightarrow 2NaCl + H_2O + SO_2$$

**استعمال:** اس کا استعمال (i) کلورین، $NH_4Cl$ اور گلوکوز (مکا کے، اسٹارچ سے) بنانے میں کیا جاتا ہے (ii) ہڈیوں سے گلو (Glue) کے استخراج اور بون بلیک کی تخلیص میں کیا جاتا ہے۔ (iii) دواؤں میں اور تجربہ گاہ میں ریجنٹ کے طور پر کیا جاتا ہے۔

**مثال 7.18**

جب HCl باریک آئرن پاؤڈر سے تعامل کرتا ہے تو یہ فیرس کلورائڈ بناتا ہے، فیرک کلورائڈ کیوں نہیں بناتا ہے؟

**حل**

لوہے کے ساتھ اس کے تعامل میں $H_2$ پیدا ہوتی ہے۔

$$Fe + 2HCl \rightarrow FeCl_2 + H_2$$

ہائڈروجن کا اخراج فیرک کلورائڈ کے بننے کو روک دیتا ہے۔


## 7.21 ہیلوجن کے آکسو ایسڈ (Oxoacids of Halogens)

بہت زیادہ برقی منفیت اور چھوٹا سائز ہونے کی وجہ سے فلورین صرف ایک آکسوایسڈ HOF بناتی ہے جسے فلورک (I) ایسڈ یا ہائپوفلورس ایسڈ کہتے ہیں۔ دیگر ہیلوجن متعدد آکسوایسڈ بناتے ہیں۔ ان میں سے زیادہ تر کو خالص حالت میں علیحدہ نہیں کیا جاسکتا۔ یہ صرف آبی محلولوں اور اپنے نمکوں کی شکل میں ہی مستحکم ہوتے ہیں۔ ہیلوجنوں کے آکسوایسڈ جدول 7.10 میں دیے گئے ہیں اور ان کی ساختیں شکل 7.8 میں دی گئی ہیں۔

**جدول 7.10: ہیلوجنوں کے آکسوایسڈ**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ہیلک (I) ایسڈ (ہائپوہیلس ایسڈ) | HOF (ہائپوفلورس ایسڈ) | HOCl (ہائپوکلورس ایسڈ) | HOBr (ہائپوبروس ایسڈ) | HOI (ہائپوآیوڈس ایسڈ) |
| ہیلک (III) ایسڈ (ہیلس ایسڈ) | – | HOCIO کلورس ایسڈ | – | – |
| ہیلوک (V) ایسڈ (ہیلک ایسڈ) | – | $HOCIO_2$ (کلورک ایسڈ) | $HOBrO_2$ (برومک ایسڈ) | $HOIO_2$ (آیوڈک ایسڈ) |
| ہیلک (VII) ایسڈ (پرہیلک ایسڈ) | – | $HOCIO_3$ (پرکلورک ایسڈ) | $HOBrO_3$ پربرومک ایسڈ | $HOIO_3$ پرآیوڈک ایسڈ |

© NCERT not to be republished




شکل **7.8** : کلورین کے آکسواایسڈوں کی ساختیں

## 7.22 انٹر ہیلوجن مرکبات (Interhalogen Compounds)

جب دو مختلف ہیلوجن ایک دوسرے سے تعامل کرتے ہیں تو انٹر ہیلوجن مرکبات بنتے ہیں۔ انھیں ایک عمومی ترکیب $XX'$، $XX_3'$، $XX_5'$ اور $XX_7'$ تفویض کی جاسکتی ہے جہاں X بڑے سائز کا ہیلوجن ہے اور X چھوٹے سائز کا ہیلوجن ہے نیز X' کے مقابلے X زیادہ برقی مثبت ہے۔ جیسے جیسے X اور X' کے نصف قطر کے درمیان نسبت میں اضافہ ہوتا ہے فی سالمہ ایٹموں کی تعداد میں بھی اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ اس طرح آیوڈین (VII) فلورائڈ میں ایٹموں کی تعداد سب سے زیادہ ہونی چاہیے کیونکہ I اور F کے نصف قطر کے درمیان نسبت سب سے زیادہ ہونی چاہیے۔ اسی لیے اس کا فارمولہ $IF_7$ (ایٹموں کی سب سے زیادہ تعداد) ہے۔

### تیاری (Preparation)

انٹر ہیلوجن مرکبات کو براہ راست اتحاد سے یا ہیلوجن اور کمتر انٹر ہیلوجن مرکبات کے درمیان تعامل سے بنایا جاتا ہے۔ بننے والے ماحصلات کچھ مخصوص حالات پر منحصر ہوتے ہیں۔ مثلاً

$$Cl_2 + F_2 \xrightarrow{437K} 2ClF \; : \; I_2 + 3Cl_2 \rightarrow 2ICl_3$$

(مساوی حجم) (افراط)

$$Cl_2 + 3F_2 \xrightarrow{573k} 2ClF_3 \; : \; Br_2 + 3F_2 \rightarrow 2BrF_3$$

(افراط) (پانی سے ڈائی لیوٹ کیا گیا)

$$I_2 + Cl_2 \rightarrow 2ICl \; : \; Br_2 + 5F_2 \rightarrow 2BrF_5$$

(مساوی سالماتی) (افراط)

### خصوصیات

انٹر ہیلوجن مرکبات کی کچھ خصوصیات جدول 7.11 میں دی گئی ہیں۔

یہ سبھی شریک گرفت سالمات ہیں اور ڈایا مقناطیسی نوعیت کے حامل ہیں۔ یہ طیران پذیر رقیق یا ٹھوس ہیں سوائے ClF کے جو کہ 298K پر گیس ہے۔ ان کی طبیعی خصوصیات اجزائے ترکیبی ہیلوجن کی خصوصیات کے درمیان

© NCERT not to be republished

جدول 7.11 انٹر ہیلوجن مرکبات کی کچھ خصوصیات

| قسم | فارمولہ | طبیعی حالت اور رنگ | ساخت |
|---|---|---|---|
| XX'1 | ClF | بے رنگ گیس | – |
| | BrF | ہلکی بھوری گیس | – |
| | $IF^a$ | | – |
| | $BrCl^b$ | گیس | |
| | ICl | روبی سرخ ٹھوس (form) | – |
| | | بھورا سرخ ٹھوس (β-form) | – |
| | IBr | سیاہ ٹھوس | – |
| XX'3 | $ClF_3$ | بے رنگ گیس | T شکل میں مڑا ہوا |
| | $BrF_3$ | پیلا ہرا رقیق | T شکل میں مڑا ہوا |
| | $IF_3$ | زرد پاؤڈر | T شکل میں مڑا ہوا (?) |
| | $ICl_3^c$ | نارنجی ٹھوس | T شکل میں مڑا ہوا (?) |
| XX'5 | $IF_5$ | بے رنگ گیس لیکن 77K سے نیچے ٹھوس | اسکوائر پائرامڈل |
| | $BrF_5$ | بے رنگ رقیق | اسکوائر پائرامڈل |
| | $ClF_5$ | بے رنگ رقیق | اسکوائر پائرامڈل |
| XX'7 | $IF_7$ | بے رنگ گیس | پینٹا گونل بائی پیرامڈل |

[a] بہت زیادہ غیر مستحکم؛ [b] کمرہ کے درجہ حرارت پر خالص ٹھوس ; [c] Cl برج ڈمر ($I_2Cl_6$) کی شکل میں ڈائی میرائز

میں ہیں سوائے اس کے ان کے نقطہ جوش اور نقطہ گداخت کے جو کہ توقع سے تھوڑا زیادہ ہیں۔ان کے کیمیائی تعاملات کا موازنہ انفرادی ہیلوجن کے ساتھ کیا جاسکتا ہے۔عمومی طور پر انٹر ہیلوجن مرکبات ہیلوجن (فلورین کو چھوڑ کر) کے مقابلے زیادہ تعامل پذیر ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انٹر ہیلوجن میں X–X' بانڈ ہیلوجن (F–F بانڈ کو چھوڑ کر) میں X–X بانڈ کے مقابلے کمزور ہے۔ یہ ہائڈرولائز ہوکر ہیلائڈ آین بناتے ہیں جو کہ نسبتاً چھوٹے ہیلوجن سے حاصل ہوتے ہیں اور ہائپو فیلائٹ (جب XX') ہیلائٹ (جب $XX'_3$) اور پر ہیلیٹ (جب $XX'_7$) این آین بناتے ہیں جو کہ نسبتاً بڑے ہیلوجن سے حاصل ہوتے ہیں۔

$$XX' + H_2O \rightarrow HX' + HOX$$


ان کی سالماتی ساخت بہت دلچسپ ہے جس کی وضاحت VSEPR نظریہ کی بنیاد پر کی جاسکتی ہے۔(مثال 7.19) $XX_3$ مرکبات مڑی ہوئی T شکل میں ہوتے ہیں۔ XX5 مرکبات اسکوائر پائرامڈل ہیں اور $IF_7$ کی ساخت پینٹا گونل بائی پیرامڈل ہے (جدول 7.11)

© NCERT not to be republished

**مثال 7.19**

VSEPR نظریہ کی بنیاد پر $BrF_3$ کی سالماتی شکل سے بحث کیجیے۔

**حل**




مرکزی ایٹم Br کے ویلنس شیل میں 7 الیکٹران ہیں۔ ان میں سے تین الیکٹران تین فلورین ایٹموں کے ساتھ الیکٹران پیئر بانڈ بناتے ہیں اور 4 الیکٹران باقی رہ جاتے ہیں۔ اس طرح تین بانڈ پیئر اور دو لون پیئر ہیں۔ VSEPR نظریہ کے مطابق یہ ٹرائی گونل بائی پیرامڈل کے کونوں پر پوزیشن لیں گے۔ دو لون پیئر خط استوائی پوزیشن پر ہوں گے تاکہ لون پیئر لون پیئر اور بانڈ پیئر۔ لون پیئر دفعہ کم سے کم ہوسکے جو کہ بانڈ پیئر بانڈ پیئر دفع کے مقابلہ زیادہ ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ محوری فلورین ایٹم لون پیئر۔ لون پیئر دفع کو کم کرنے کے لیے خط استوائی فلورین کی جانب جھک جاتا ہے۔ شکل معمولی سے جھکے ہوئے T کی طرح ہوگی۔

**استعمال:** ان مرکبات کا استعمال غیر آبی محلولوں کے طور پر کیا جاسکتا ہے۔ انٹرہیلوجن مرکبات بہت مفید لفورینیٹنگ ایجنٹ ہیں۔ $ClF_3$ اور $BrF_3$ کا استعمال $^{235}U$ کی افزونی میں $UF_6$ بنانے میں کیا جاتا ہے۔

$$U(s) + 3ClF_3(l) \rightarrow UF_6(g) + 3ClF(g)$$

**متن پر مبنی سوالات**

**7.31** $I_2$ کے مقابلے ICl زیادہ تعامل پذیر کیوں ہے؟

## 7.23 گروپ 18 کے عناصر (Group 18 Elements)

گروپ 18 چھ عناصر پر مشتمل ہے۔ ہیلیم، نی آن، آرگن، کرپٹان، زینان، ریڈان اور آگینیسین (Oganesseon)۔ یہ سبھی گیسیں ہیں اور کیمیائی اعتبار سے تعامل پذیر نہیں ہیں۔ یہ بہت کم مرکبات بناتے ہیں۔ اسی وجہ سے انھیں نوبل گیس کہا جاتا ہے۔

### 7.23.1 وقوع (Occurrence)

ریڈان اور آگینیسین کے علاوہ باقی سبھی نوبل گیس کرہ باد میں پائی جاتی ہیں۔ خشک ہوا میں یہ حجم کے اعتبار سے ~1% ہوتی ہیں جس میں آرگن سب سے زیادہ ہے۔ ہیلیم اور بعض اوقات نی آن پچ بلینڈ، مونازائٹ، کلیوائٹ جیسی تابکار نژاد معدنیات میں پائی جاتی ہیں۔ ہیلیم کا اہم تجارتی ماخذ قدرتی گیس ہے۔ زینان اور ریڈان گروپ کے ایسے عناصر ہیں جو بہت ہی کم مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ ریڈان کو $^{226}Ra$ کے روبہ تنزل ماحصل کے طور پر حاصل کیا جاتا ہے۔

$$^{226}_{88}Ra \rightarrow {}^{222}_{86}Rn + {}^{4}_{2}He$$

آگنیسین، $^{249}_{98}Cf$ ایٹم اور $^{48}_{20}Ca$ آئن کے ٹکراؤ سے مصنوعی طور پر بنائی جاتی ہے۔

$$^{249}_{98}Cf + {}^{48}_{20}Ca \rightarrow {}^{294}_{118}Og + 3n$$

آگنیسین کی ایٹمی کمیت 294 اور الیکٹرانک تشکل $[Rn]5f^{14},6d^{10},7s^2,7p^6$ ہے۔ Og کی بہت کم مقدار کو ہی تیار کیا گیا ہے۔ اس کی نصف زندگی 0.7 ملی سیکنڈ ہے لہٰذا اس کی کیمسٹری کے لیے صرف پیشین گوئیاں ہی کی گئی ہیں۔

© NCERT not to be republished

**مثال 7.20** گروپ 18 کے عناصر نوبل گیسیں کیوں کہلاتی ہیں؟

**حل** گروپ 18 میں موجود عناصر کے ویلنس شیل ارّبٹل مکمل بھرے ہوئے ہیں اور اسی لیے مخصوص حالت میں ہی چند عناصر سے تعامل کرتے ہیں۔ لہٰذا اب انھیں نوبل گیس کہا جاتا ہے۔

گروپ 18 کے عناصر آرگنیسین کے علاوہ کی اہم ایٹمی اور طبیعی خصوصیات اور ان کے الیکٹرانی تشکل جدول 7.12 میں دیے گئے ہیں۔ گروپ کی ایٹمی، طبیعی اور کیمیائی خصوصیات کے رجحانات پر یہاں بحث کی گئی ہے۔

**جدول 7.12: گروپ 18 کے عناصر کی ایٹمی اور طبیعی خصوصیات**

| خصوصیت | He | Ne | Ar | Kr | Xe | Rn* |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ایٹمی اعدد | 2 | 10 | 18 | 36 | 54 | 86 |
| ایٹمی کمیت / $g mol^{-1}$ | 4.00 | 20.18 | 39.95 | 83.80 | 131.30 | 222.00 |
| الیکٹرانی تشکل | $1s^2$ | $[He]2s^22p^6$ | $[Ne]\ 3s^23p^6$ | $[Ar]\ 3d^{10}4s^24p^6$ | $[Kr]\ 4d^{10}5s^25p^6$ | $[Xe]4f^{14}5d^{10}6s^26p^6$ |
| ایٹمی نصف قطر / pm | 120 | 160 | 190 | 200 | 220 | – |
| آیونائزیشن اینتھالپی / $kJmol^{-1}$ | 2372 | 2080 | 1520 | 1351 | 1170 | 1037 |
| الیکٹران گین اینتھالپی / $kJmol^{-1}$ | 48 | 116 | 96 | 96 | 77 | 68 |
| کثافت (STP) / $g cm^{-3}$ | $1.8\times10^{-4}$ | $9.0\times10^{-4}$ | $1.8\times10^{-3}$ | $3.7\times10^{-3}$ | $5.9\times10^{-3}$ | $9.7\times10^{-3}$ |
| نقطہ گداخت / K | – | 24.6 | 83.8 | 115.9 | 161.3 | 202 |
| نقطہ جوش / K | 4.2 | 27.1 | 87.2 | 119.7 | 165.0 | 211 |
| کرہ باد میں موجودگی حجم کے اعتبار سے فیصدی | $5.24\times10^{-4}$ | – | $1.82\times10^{-3}$ | 0.934 | $1.14\times10^{-4}$ | $8.7\times10^{-6}$ |

### 7.23.2 الیکٹرانی تشکل

سبھی نوبل گیسوں کا عمومی الیکٹرانی تشکل $ns^2np^6$ ہے سوائے، ہیلیم کے جس کا الیکٹرانی تشکل $1s^2$ ہے (جدول 7.12)۔ نوبل گیسوں کی متعدد خصوصیات بشمول ان کی جامد نوعیت کا سبب ان کی بند شیل ساخت کو سمجھا جاتا ہے۔

### 7.23.3 آیونائزیشن اینتھالپی

مستحکم الیکٹرانی تشکل کی وجہ سے یہ گیسیں بہت زیادہ آیونائزیشن اینتھالپی ظاہر کرتی ہیں۔ تاہم گروپ میں نیچے کی طرف ایٹمی سائز میں اضافہ ہونے پر یہ کم ہوتی جاتی ہے۔

### 7.23.4 ایٹمی نصف قطر

گروپ میں نیچے کی طرف ایٹمی عدد میں اضافہ کے ساتھ ایٹمی نصف قطر میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔

### 7.23.5 الیکٹران گین اینتھالپی

کیونکہ نوبل گیسوں کا الیکٹرانی تشکل مستحکم ہے اس لیے ان میں الیکٹران کو حاصل کرنے کا رجحان نہیں ہوتا لہٰذا ان کی الیکٹرانی گین اینتھالپی کی قدریں بہت زیادہ مثبت ہوتی ہیں۔

**طبیعی خصوصیات (Physical Properties)**

سبھی نوبل گیسیں ایک ایٹم ہیں۔ یہ بے رنگ، بغیر ذائقہ اور بغیر بو والی گیسیں ہیں۔ یہ پانی میں بہت کم حل پذیر ہیں۔



© NCERT not to be republished

ان کے نقطہ گداخت اور نقطہ جوش بہت کم ہوتے ہیں کیونکہ ان عناصر میں بین ایٹمی باہمی عمل صرف ایک ہی قسم کا ہے اور وہ ہے کمزور انتشاری قوتیں۔ ہیلیم کا نقطہ جوش ابھی تک معلوم تراشا میں سب سے کم (4.2K) ہے۔ اس میں ایک غیر معمولی خصوصیت بھی موجود ہے اور وہ یہ ہے کہ ہیلیم تجربہ گاہ میں عام طور سے استعمال ہونے والے مادوں جیسے ربر، کانچ یا پلاسٹک سے ہوکر نفوذ کر جاتی ہے۔

**مثال 7.21** نوبل گیسیوں کے نقطہ جوش بہت کم کیوں ہیں۔

**حل** نوبل گیس ایک ایٹمی ہونے کی وجہ سے ان میں بین ایٹوں قوتیں نہیں ہوتیں سوائے کمزور انتشاری قوتوں کے لہٰذا بہت کم درجہ حرارت پر ہی ان کی اماعت ہوجاتی ہے۔ اس طرح ان کے نقطہ جوش کم ہیں۔

### کیمیائی خصوصیات (Chemical Properties)

عام طور سے نوبل گیسیں بہت کم تعامل پذیر ہیں۔ کیمیائی تعاملیت کے تئیں ان کا جمود (Inertness) مندرجہ ذیل وجوہات پر مبنی ہے۔

(i) ہیلیم کے علاوہ باقی تمام نوبل گیسوں کے ویلنس شیل میں مکمل بھرا ہوا $ns^2np^6$ الیکٹرانی تشکل ہے۔

(ii) ان کی آیونائزیشن اینتھالپی اور مثبت الیکٹران گین اینتھالپی بہت زیادہ ہے۔

جب سے نوبل گیسوں کی کھوج ہوئی ہے ان کی تعاملیت کی تفتیش وقتاً فوقتاً ہوتی رہی ہے۔ لیکن مرکبات بنانے کے لیے ان کا تعامل کرانے کی تمام کوششیں چند برسوں تک ناکام رہیں۔ مارچ 1962 میں نیل برٹیلٹ (Neil Bart lelt) جو اس وقت یونیورسٹی آف برٹش کولمبیا میں تھے نوبل گیس کے تعامل کا مشاہدہ کیا۔ سب سے پہلے انھوں نے ایک سرخ رنگ کا مرکب تیار کیا جس کا فارمولا $O_2^+PtF_6^-$ تھا۔ اس کے بعد اس نے مانا کہ سالماتی آکسیجن کی فرسٹ آیونائزیشن اینتھالپی ($1175\ kJmol^{-1}$) زینان کی فرسٹ آیونائزیشن اینتھالپی کے لگ بھگ مماثل تھی ($1170\ kJmol^{-1}$) اس نے Xe کے ساتھ اس قسم کے مرکبات بنانے کی کوشش کی اور ایک اور سرخ رنگ کا مرکب $Xe^+PtF_6^-$ بنانے میں کامیاب ہوگیا جسے زینان اور $PtF_6$ کے درمیان تعامل سے بنایا گیا ہے۔ اس کھوج کے بعد فلورین اور آکسیجن جیسے بہت زیادہ برقی منفی عناصر کے ساتھ زینان کے متعدد مرکبات کی تالیف کی گئی۔

کرپٹان کے مرکبات بہت تھوڑے ہی ہیں۔ صرف ڈائی فلورائڈ ($KrF_2$) کا تفصیلی مطالعہ کیا گیا ہے۔ ریڈان کے مرکبات علیحدہ نہیں کیے جاسکے لیکن صرف ریڈیوٹریسر تکنیک کے ذریعہ ان کی شناس کی گئی (مثلاً $RnF_2$) Ne، Ar یا He کے حقیقی مرکبات ابھی تک معلوم نہیں ہیں۔

#### (a) زینان۔ فلورین مرکبات (Xenon-fluorine compounds)

مناسب تجرباتی حالات کے تحت عناصر کے براہ راست تعامل سے زینان تین بائنری فلورائڈ $XeF_2$، $XeF_4$ اور $XeF_6$ بناتا ہے۔

$$Xe(g) + F_2(g) \xrightarrow{673\,K,\ 1\,bar} XeF_2(s)$$

زنین کی زیادہ مقدار ہے

$$Xe(g) + 2F_2(g) \xrightarrow{873\,K,\ 7\,bar} XeF_4(s)$$

(1:5 ratio)



2019-20

$$Xe(g) + 3F_2(g) \xrightarrow{573\,K,\ 60–70bar} XeF_6(s)$$
(1:20 ratio)

$XeF_6$ کو 143 K پر $XeF_4$ اور $O_2F_2$ کے باہمی عمل سے بھی بنایا جاتا ہے۔

$$XeF_4 + O_2F_2 \rightarrow XeF_6 + O_2$$


$XeF_2$، $XeF_4$ اور $XeF_6$ بے رنگ کرسٹلی ٹھوس ہیں اور 298 K پر ان کی بہت جلد تصعید ہوجاتی ہے۔ یہ طاقتور فلورینیٹنگ ایجنٹ ہیں۔ یہ بہت تھوڑے سے پانی میں بھی ہائڈرولائز ہوجاتے ہیں مثال کے طور پر XeF2 ہائڈرولائز ہوکر Xe، HF اور $O_2$ بناتا ہے۔

$$2XeF_2(s) + 2H_2O(l) \rightarrow 2Xe(g) + 4\,HF(aq) + O_2(g)$$

زینان کے تینوں فلورائڈوں کی ساخت کو VSEPR تھیوری کی بنیاد پر اخذ کیا جاسکتا ہے اور انھیں شکل 7.9 میں دکھایا گیا ہے۔ $XeF_2$ اور $XeF_4$ کی ساخت بالترتیب خطی اور اسکواء پلینر ہے۔ $XeF_6$ میں سات الیکٹران جوڑے (6 بندشی جوڑے اور ایک لون پیئر) ہوتے ہیں اور اس طرح اس کی ساخت مسخ شدہ آکٹا ہیڈرل ہوگی جیسا کہ گیسی حالت میں تجرباتی طور پر دیکھا گیا ہے۔

زینان فلورائڈ، فلورائڈ آین حصول کار سے تعامل کر کے کیٹ آینی اسپیشیز بناتے ہیں اور فلورائڈ آین معطی سے تعامل کرکے فلورو این آین بناتے ہیں۔

$$XeF_2 + PF_5 \rightarrow [XeF]^+ [PF_6]^-;$$
$$XeF_4 + SbF_5 \rightarrow [XeF_3]^+ [SbF_6]^-$$
$$XeF_6 + MF \rightarrow M^+ [XeF_7]^- \ (M = Na, K, Rb \text{ or } Cs$$





خطی (a) اسکوائر پلینر (b)

### (b) زینان آکسیجن مرکبات

پانی کے ساتھ $XeF_4$ اور $XeF_6$ ہائڈرولائز ہوکر $XeO_3$ بناتے ہیں۔

$$6XeF_4 + 12\ H_2O \rightarrow 4Xe + 2XeO_3 + 24\ HF + 3\ O_2$$
$$XeF_6 + 3\ H_2O \rightarrow XeO_3 + 6\ HF$$

$XeO_3$ ایک بے رنگ دھماکہ خیز ٹھوس ہے۔ اس کی سالماتی ساخت پیرامڈل ہوتی ہے (شکل 7.9)۔ $XeO_4$ بے رنگ طیران پذیر رقیق ہے اور اس کی ساخت اسکوائر پیرامڈل ہے (شکل 7.9)




مسخ شدہ آکٹاہیڈرل (c) اسکوائر پائرامڈل (d) پائرامڈل (e)

شکل **7.9**: $XeF_4$ (b) $XeF_2$ (a) $XeOF_4$ (d) $XeF_6$ (c) اور $XeO_3$ (e) کی ساختیں

**مثال 7.22** کیا $XeF_6$ کی آب پاشیدگی ایک ریڈاکس تعامل ہے؟

**حل** جی نہیں، ہائڈرولسس کے ماحصلات $XeOF_4$ اور $XeO_2F_4$ اور $XeO_2F_2$ ہیں جہاں تمام عناصر کی تکسیدی حالتیں وہی ہیں جو کہ تعامل کی حالت میں تھیں۔

**استعمال:** ہیلیم ایک غیر احتراق پذیر اور ہلکی گیس ہے۔ اسی لیے اس کا استعمال موسمیاتی مشاہدات کے لیے غباروں میں بھرنے کے لیے کیا جاتا ہے اس کا استعمال Gas-Cooled نیو کلیائی ری ایکٹروں میں بھی کیا جاتا ہے۔ رقیق ہیلیم (b.p. 4.2 K) کا استعمال کم درجہ حرارت پر انجام دیے جانے والے تجربات میں کرایوجینک ایجنٹ کے طور پر کیا جاتا ہے۔ اس کا استعمال طاقتور سپر کنڈکٹنگ مقناطیس تیار کرنے اور انھیں برقرار رکھنے میں کیا جاتا ہے یہ مقناطیس طبی تشخیص میں استعمال ہونے والے جدید NMR اسپیکٹرو میٹر اور MRI (Magnetic Resonance Imaging) نظاموں کا لازمی جزو ہیں۔ اس کا استعمال غوطہ خوری کے جدید آلات میں آکسیجن کو ڈائی لیوٹ کرنے میں کیا جاتا ہے کیونکہ یہ خون میں بہت کم حل پذیر ہے۔

نی آن کا استعمال تشہیر کے لیے فلوریسنٹ بلبوں اور ڈسچارج ٹیوب میں کیا جاتا ہے۔ نی آن بلبوں کا استعمال بوٹینکل گارڈن اور سبز گھروں میں کیا جاتا ہے۔

آرگن کا استعمال اونچے درجہ حرارت پر انجام دیے جانے والے فائز کاری عملوں میں جامد کرہ باد فراہم کرنے میں کیا جاتا ہے۔ (دھات یا بھرتوں کی آرک ویلڈنگ) اسے بجلی کے بلبوں میں بھی بھرا جاتا ہے۔ تجربہ گاہ میں اس کا استعمال ایسی اشیا کے استعمال میں کیا جاتا ہے جو کہ ہوا کے تئیں حاس ہوئی ہیں۔

زینان اور کرپٹان کا کوئی اہم استعمال نہیں ہے۔ ان کا استعمال خاص مقصد کے لیے بنائے گئے لائٹ بلبوں میں کیا جاتا ہے۔

### متن پر مبنی سوالات

**7.32** غوطہ خوری کے آلات میں ہیلیم کا استعمال کیوں کیا جاتا ہے؟

**7.33** مندرجہ ذیل مساوات کو متوازن کیجیے۔ $XeF_6 + H_2O \rightarrow XeO_2F_2 + HF$

**7.34** ریڈان کی کیمسٹری کا مطالعہ مشکل کیوں ہے؟

### خلاصہ

دوری جدول کے گروپ 13 تا 18 p بلاک عناصر پر مشتمل ہیں جن کا ویلنس شیل الیکٹرانی تشکل $ns^2np^{1-6}$ ہے۔ گروپ 13 اور 14 کا مطالعہ گیارہویں جماعت میں کیا گیا تھا۔ اس اکائی میں p بلاک کے باقی گروپوں میں بحث کی گئی۔

گروپ 15 پانچ عناصر پر مشتمل ہے جن کے نام ہیں N، P، As، Sb اور Bi جن کا عمومی الیکٹرانی تشکل $ns^2np^3$ ہے۔ چھوٹا سائز، خود اپنے اور آکسیجن یا کاربن جیسے بہت زیادہ برقی منفی ایٹموں کے ساتھ $p\pi\text{–}p\pi$ کثیر بانڈ کی تشکیل اور اپنے ویلنس شیل کی توسیع کے لیے d اربٹل کی عدم دستیابی کی وجہ سے نائٹروجن اس گروپ کے باقی عناصر سے مختلف ہے۔ گروپ 15 کے عناصر اپنی خصوصیات میں Gradation ظاہر کرتے ہیں۔ یہ ہائڈروجن، آکسیجن اور ہیلوجن سے تعامل کرتے ہیں۔ یہ 3+ اور 5+ دو اہم تکسیدی حالتوں میں ظاہر کرتے ہیں لیکن 3+ تکسیدی حالت، جامد جفتہ اثر کی وجہ سے بھاری عناصر کے موافق ہے۔



© NCERT not to be republished

ڈائی نائٹروجن کو تجربہ گاہ میں اور صنعتی پیمانے پر بنایا جاسکتا ہے۔ یہ مختلف تکسیدی حالتوں میں $N_2O$، $NO$، $N_2O_3$، $NO_2$، $N_2O_4$ اور $N_2O_5$ جیسے آکسائڈ بناتی ہے۔ یہ آکسائڈ کمک ساختوں کے حامل ہیں اور ان میں کثیر بانڈ پائے جاتے ہیں۔ امونیا کو بڑے پیمانے پر ہیبرا پراسس کے ذریعہ تیار کیا جاتا ہے۔ $HNO_3$ ایک اہم صنعتی کیمیکل ہے۔ یہ مضبوط مونو بیسک ایسڈ اور طاقتور تکسیدی ایجنٹ ہے۔ دھاتیں اور غیر دھاتیں مختلف حالات میں $HNO_3$ سے تعامل کرکے $NO$ یا $NO_2$ بناتی ہیں۔

فاسفورس کی عنصری شکل $P_4$ ہے۔ یہ کئی بہروپی شکلوں (Allotropic Forms) میں پایا جاتا ہے۔ یہ ہائڈرائڈ بناتا ہے جو کہ ایک زہریلی گیس ہے۔ یہ $PX_3$ اور $PX_5$ دو قسم کے ہیلائڈ $PH_3$ بناتا ہے۔ $PCl_3$ کو سفید فاسفورس اور کلورین کے تعامل سے بنایا جاتا ہے جب کہ $PCl_5$ کو $SO_2Cl_2$ کے ساتھ فاسفورس کے تعامل سے بنایا جاتا ہے۔ فاسفورس متعدد آکسوایسڈ بناتا ہے۔ P-O گروپوں کی تعداد کی بنیاد پر ان کی اساسیت مختلف ہوتی ہے۔ وہ آکسوایسڈ جن میں P-H بانڈ ہوتے ہیں اچھے تحویلی ایجنٹ ہیں۔

گروپ 16 کے عناصر کا عمومی الیکٹرانی تشکل $ns^2np^4$ ہے۔ یہ زیادہ سے زیادہ تکسیدی حالت 6+ ظاہر کرتے ہیں۔ گروپ 16 کے عناصر کی طبیعی اور کیمیائی خصوصیات میں Gradation کا مشاہدہ کیا جاسکتا ہے۔ تجربہ گاہ میں ڈائی آکسیجن کو $MnO_2$ کی موجودگی میں $KClO_3$ کو گرم کرکے بنایا جاتا ہے۔ یہ دھاتوں کے ساتھ کئی آکسائڈ بناتی ہے۔ آکسیجن کی بہروپی شکل $O_3$ ہے جو کہ بہت زیادہ تکسیدی ایجنٹ ہے۔ سلفر متعدد بہروپی شکلیں تشکل دیتا ہے۔ ان میں سے سلفر کی x اور B شکلیں سب سے زیادہ اہم ہیں۔ سلفر، آکسیجن سے تعامل کرکے $SO_2$ اور $SO_3$ جیسے آکسائڈ بناتا ہے۔ $SO_2$ کو سلفر اور آکسیجن کے براہ راست اتحاد سے بنایا جاتا ہے۔ $SO_2$ کا استعمال $H_2SO_4$ بنانے میں کیا جاتا ہے۔ سلفر متعدد آکسوایسڈ بناتا ہے جن میں سے $H_2SO_4$ سب سے اہم ہے۔ اسے کانٹیکٹ پراسس کے ذریعہ بنایا جاتا ہے۔ یہ ڈی ہائڈریٹنگ اور تکسیدی ایجنٹ ہے۔ اس کا استعمال کئی مرکبات بنانے میں کیا جاتا ہے۔

دوری جدول کا گروپ 17 F، Cl، Cl، B، I اور At جیسے عناصر پر مشتمل ہے۔ یہ عناصر انتہائی تعامل پذیر ہیں اور اسی لیے یہ صرف متحد حالت میں ہی پائے جاتے ہیں۔ ان عناصر کی مشترک تکسیدی حالت 1- ہے۔ تاہم اونچی تکسیدی حالت 7+ بھی دیکھی جاسکتی ہے۔ یہ طبیعی اور کیمیائی خصوصیات میں باقاعدہ Gradation ظاہر کرتے ہیں۔ یہ آکسائڈ، ہائڈروجن ہیلائڈ انٹرہیلوجن مرکبات اور آکسوایسڈ بناتے ہیں۔ کلورین کو HCl اور $KMnO_4$ کے تعامل سے بآسانی بنایا جاسکتا ہے۔ NaCl کو مرتکز $H_2SO_4$ کے ساتھ گرم کرکے HCl بنایا جاتا ہے۔ ہیلوجن آپس میں تعامل کرکے انٹر، ہیلوجن مرکبات بناتے ہیں جو کہ $XX^1{}_n$ قسم کے ہوتے ہیں (n=1,3,5,7) جہاں $X^1$، X کے مقابلے ہلکا ہوتا ہے۔ ہیلوجن کے متعدد آکسوایسڈ معلوم ہیں۔ ان آکسوایسڈوں کی ساخت میں ہیلوجن مرکزی ایٹم کی حیثیت رکھتے ہیں جو کہ ہر ایک معاملے میں ایک OH بانڈ (X-OH) سے منسلک رہتا ہے۔ کچھ معاملوں میں X=O بانڈ بھی پائے جاتے ہیں۔

دوری جدول کا گروپ 18 نوبل گیسوں پر مشتمل ہے۔ ان کا ویلنس شیل الیکٹرانی تشکل $ns^2np^6$ (ہیلیم کو چھوڑ کر جن کا تشکل 152 ہے)۔ Rn کے علاوہ یہ سبھی گیسیں کرہ باد میں پائی جاتی ہیں Rn کو $^{226}Ra$ کے روبہ تنزل ما حصل کے طور پر حاصل کیا جاتا ہے۔

بیرونی شیل کا آکٹیٹ مکمل ہونے کی وجہ سے ان میں مرکبات بنانے کا رجحان بہت کم ہوتا ہے۔ مخصوص حالات کے تحت زینان کے فلورین اور آکسیجن کے ساتھ عمدہ خصوصیات کے حامل مرکبات بنائے جاسکتے ہیں۔ ان گیسوں کے متعدد استعمال ہیں۔ آرگن کا استعمال جامد کرہ باد فراہم کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ ہیلیم کا استعمال موسمیاتی مشاہدات کے لیے کام میں آنے والے غباروں میں بھرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ یانی آن کا استعمال ڈسچارج ٹیوب اور فلوریسنٹ بلبوں میں کیا جاتا ہے۔

not to be republished © NCERT

## مشقیں

**7.1** گروپ 15 کے عناصر کی عمومی خصوصیت پر ان کے الیکٹرانی تشکل، تکسیدی حالت ایٹمی سائز، آیونائزیشن اینتھالپی اور برقی منفیت کے حوالے سے بحث کیجیے؟

**7.2** نائٹروجن کی تعاملیت فاسفورس سے مختلف کیوں ہے؟

**7.3** گروپ 15 کے عناصر کی کیمیائی تعاملیت کے رجحانات پر بحث کیجیے۔

**7.4** $NH_3$ ہائڈروجن بانڈ بناتی ہے جب کہ $PH_3$ نہیں بناتی۔ کیوں؟

**7.5** تجربہ گاہ میں نائٹروجن کو کس طرح بنایا جاتا ہے؟ ملوث کیمیائی تعامل کی مساوات لکھیے۔

**7.6** امونیا کو صنعتی پیمانے پر کس طرح بنایا جاتا ہے؟

**7.7** وضاحت کیجیے کہ کاپر دھات $HNO_3$ سے تعامل کر کے کس طرح مختلف ماحصلات بناتی ہے؟

**7.8** $NO_2$ اور $N_2O_5$ کی گمگ ساختیں بنائیے۔

**7.9** HNH کی زاویہ قدر HPH، HAsH اور HSbH زاویوں کے مقابلے زیادہ ہے۔ کیوں؟

(اشارہ: $NH_3$ میں $sp^3$ مخلوطیت نیز ہائڈروجن اور گروپ کے دیگر عناصر کے درمیان صرف S-P بندش کی بنیاد پر واضح کیا جاسکتا ہے۔)

**7.10** $R_3P=O$ کا وجود ہے جب کہ $R_3N=O$ (R الکائل گروپ ہے) کا نہیں۔ کیوں؟

**7.11** وضاحت کیجیے کہ $NH_3$ اساسی ہے جب کہ $BH_3$ بہت معمولی اساسی ہے۔

**7.12** نائٹروجن دو ایٹمی سالمہ کی شکل میں پایا جاتا ہے اور فاسفورس $p_4$ کی شکل میں پایا جاتا ہے۔ کیوں؟

**7.13** سفید فاسفورس اور سرخ فاسفورس کی خصوصیات کے درمیان اہم فرق لکھیے۔

**7.14** نائٹروجن، فاسفورس کے مقابلے کم کیٹینیشن خصوصیات کو ظاہر کرتی ہے۔

**7.15** $H_3PO_3$ کا غیر متناسبیت تعامل لکھیے۔

**7.16** کیا $PCl_3$ تکسیدی ایجنٹ کے ساتھ ساتھ تحویلی ایجنٹ کے طور پر بھی کام کرسکتا ہے؟

**7.17** الیکٹرانی تشکل، تکسیدی حالت اور ہائڈرائڈوں کی تشکیل کے لحاظ سے O، S، Se، Te اور Po کو دوری جدول کے ایک ہی گروپ میں رکھا گیا ہے۔ اس بیان کی حمایت میں دلائل دیجیے۔

**7.18** ڈائی آکسیجن گیس کیوں ہے جب کہ سلفر ٹھوس ہے؟

**7.19** $O \rightarrow O^-$ اور $O^- \rightarrow O2^-$ کی الیکٹران گین اینتھالپی کی قدریں بالترتیب 141– اور $702\ kJ\ mol^{-1}$ ہیں۔ $O^-$ پر مشتمل نہ ہوکر $O^{2-}$ پر مشتمل بہت زیادہ تعداد میں آکسائڈوں کی تشکیل کی آپ کیا وجہ بتا سکتے ہیں؟

**7.20** کون سے ایروسول اوزون کو پتلا کرتے ہیں؟

**7.21** کانٹیکٹ پراسس کے ذریعہ $H_2SO_4$ بنانے کا طریقہ بیان کیجیے۔



© NCERT not to be republished

7.22 $SO_2$ ہوا میں کس طرح آلودگی پھیلاتی ہے؟

7.23 ہیلوجن مضبوط تکسیدی ایجنٹ کیوں ہیں؟

7.24 واضح کیجیے کہ فلومین صرف آکسوایسڈ HoF ہی کیوں بناتی ہے؟

7.25 واضح کیجیے کہ تقریباً یکساں برقی منفیت کی حامل آکسیجن اور کلورین میں سے آکسیجن ہائڈروجن بانڈ بناتی ہے جب کہ کلورین نہیں۔ کیوں؟

7.26 $ClO_2$ کے دو استعمال لکھیے۔

7.27 ہیلوجن رنگین کیوں ہیں؟

7.28 $F_2$ اور $Cl_2$ کے پانی کے ساتھ تعامل لکھیے۔

7.29 آپ $Cl_2$ کو HCl کو $Cl_2$ کس طرح تیار کر سکتے ہیں؟ صرف تعاملات لکھیے۔

7.30 Xe اور $ptF_6$ کے درمیان تعامل کرانے کے لیے N.Bartlet کو کس چیز نے تحریک دی۔

7.31 مندرجہ ذیل میں فاسفورس کی تکسیدی حالتیں کیا ہیں؟

(i) $H_3PO_3$ (ii) $PCl_3$ (iii) $Ca_3P_2$ (iv) $Na_3PO_4$ (v) $POF_3$

7.32 مندرجہ ذیل کی متوازن مساواتیں لکھیے۔

(i) NaCI کو $MnO_2$ کی موجودگی میں سلفیورک ایسڈ کے ساتھ گرم کیا جاتا ہے۔

(ii) پانی میں NaI کے محلول میں کلورین گیس کو گزارا جاتا ہے۔

7.33 زنیان کے کلورائڈ $XeF_2$، $XeF_4$ اور $XeF_6$ کس طرح حاصل کیے جاتے ہیں؟

7.34 ClO کس تعدیلی سالمہ کے آئسو الیکٹرانک ہے؟ کیا یہ سالمہ لیوئس اساس ہے؟

7.35 $XeO_3$ اور $XeOF_4$ کس طرح بنائے جاتے ہیں؟

7.36 مندرجہ ذیل کو ہر ایک سیٹ کی خصوصیت کے اعتبار سے ترتیب دیجیے۔

(i) $F_2, Cl_2, Br_2, I_2$ - بڑھتی ہوئی بانڈ تحلیل اینتھالپی

(ii) HF, HCl, HBr, HI، بڑھتی ہوئی تیزابی طاقت

(ii) $NH_3, PH_3, AsH_3, SbH_3, BiH_3$ بڑھتی ہوئی اساسی طاقت

7.37 مندرجہ ذیل میں کس کا وجود نہیں ہے؟

(i) $XeOF_4$ (ii) $NeF_2$ (iii) $XeF_2$ (iv) $XeF_6$

7.38 اس نوبل گیس اسپیشز کا فارمولہ اور ساخت بیان کیجیے جو

(i) $ICl_4^-$ (ii) $IBr_2^-$ (iii) $BrO_3^-$ کے ہم ساختی ہے۔

7.39 نوبل گیسوں کے ایٹمی سائز نسبتاً زیادہ کیوں ہوتے ہیں؟

7.40 نی آن اور آرگن گیسوں کے استعمال کی فہرست بنایئے۔



© NCERT not to be republished

## متن پر مبنی کچھ سوالوں کے جوابات

**7.1** تکسیدی حالت جتنی زیادہ مثبت ہوگی، قوت تقطیب بھی اتنی ہی زیادہ ہوگی نتیجتاً مرکزی ایٹم اور دوسرے ایٹم کے درمیان بننے والے بانڈ کی شریک گرفت خصوصیات میں اضافہ ہوگا۔

**7.2** کیونکہ $BH_3$، گروپ 15 کے ہائڈرائڈوں میں سب سے کم مستحکم ہے۔

**7.3** مضبوط $P\pi\text{-}P\pi$ اوورلیپنگ کی وجہ سے $N{=}N$ تہرا بانڈ بنتا ہے۔

**7.6** $N_2O_5$ کی ساخت اس بات کا ثبوت ہے کہ نائٹروجن کی کو ویلنسی 4 ہے

**7.7** دونوں میں $sp_3$ مخلوطیت ہے۔ $PH_4^+$ میں سبھی چاروں اربٹل بندش میں شامل ہیں جب کہ $PH_3$ میں p پر الیکٹرانوں کا ایک لون پیئر ہے۔ جو کہ $PH_3$ میں لون پیئر۔ بانڈ پیئر دفع کے لیے ذمہ دار ہے اور بانڈ زاویہ '28°109 سے کم ہوتا ہے۔

**7.10** $PCl_5 + H_2O \rightarrow POCl_3 + 2HCl$

**7.11** $H_3PO_4$ کے سالمہ میں تین P-OH گروپ موجود ہوتے ہیں۔ لہٰذا اس کی اساسیت تین ہے۔

**7.15** آکسیجن کا چھوٹا سائز اور بہت زیادہ برق منفیت کی وجہ سے پانی کے سالمات، ہائڈروجن بندش سے بہت زیادہ وابستہ ہوتے ہیں۔ جو کہ اس کی رقیق حالت کی وجہ ہے۔

**7.21** دونوں S-O بانڈ شریک گرفت ہیں اور گمگ ساختوں کی وجہ سے مساوی طاقت رکھتے ہیں۔

**7.25** $H_3O^+$ اور $HSO_4^-$ تک پہلی آیونائزیشن کی وجہ سے $H_2SO_4$ پانی میں نہایت مضبوط تیزاب ہے۔ $H_3O^+$ اور $SO_4{2}^-$ تک $HSO_4^-$ کا آیونائزیشن بہت کم ہے۔ اسی لیے $K_{a_2} << K_{a_1}$

**7.31** عمومی طور پر، انٹر ہیلوجن مرکبات $X\text{-}X^1$ بانڈ کے مقابلے X-X بانڈ کے کمزور ہونے کی وجہ سے انٹر ہیلوجن مرکبات، ہیلوجن کے مقابلے زیادہ تعامل پذیر ہوتے ہیں۔ اسی لیے I2 کے مقابلے ICI زیادہ تعامل پذیر ہے۔

**7.34** ریڈان ایک تابکار عنصر ہے جس کی نصف عمر بہت مختصر ہے اسی لیے ریڈان کی کیمسٹری کا مطالعہ ایک مشکل امر ہے۔

© NCERT not to be republished